رسالۂ عجیب و مقطع وہم الفہما الاسید و تہذیب و ہدی

من تصنیف

عالیجناب حضرت شاہ سید برکات حسن صاحب سجادہ نشین مارہرہ

درگاہ حضرت برکت اللہ صاحب قدس سرہ

المسمے

القول الصحیح الموثوق فی عقد سیدتنا ام کلثوم مع سیدنا الفاروق

حسب فرمایش جناب محمد فریدالدین خان صاحب المتخلص بہ گوہر متوطن بلدۂ فیض بنیاد اکبرآباد

طبع فی مطبع ستارۂ ہند آگرہ

حمائل شریف عکسی مطبوعۂ لندن

للہ الحمد ہر آن چیز کہ خاطر میخواست — آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

شائقین کلام ربانی کو مژدہ ہو کہ حمائل عکسی جسکی تلاوت کا ہر فرد بشر عرصہ دراز سے مشتاق ہے اور اسکی خوبی طبع و صحت کا حال شہرۂ آفاق ہے۔ آج مدت مدید کی کوشش سے بہزار دقت کچھ جلدین بمشکل دستیاب ہوئی ہین۔ فی الواقع اسکی جہانتک تعریف کی جائے بجا ہے البتہ ایسی دریکتا کی تعریف کیلئے ایک دفتر چاہیئے۔ جو کارنمایان اسمین کارپردازان مطبع نے کئے ہین بالکل درست اور قابل دید ہین یہ تقطیع ۱۸-۲۲ پر نہایت عمدہ سفید کاغذ ولایتی پر طبع ہوئی ہے۔ اسکی تحریر عربی قابل داد ہے اور صحت کی نسبت ۱۶ علماء و فضلاء چیدہ کے مواہیر موجود ہین ہر صفحہ کی نفیس و دلکش بیل سے دل باغ باغ ہوتا ہے اسکی ہر منزل علیحدہ علیحدہ ہے۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے ہدیہ اسکا بنظر خریداری خاص و عام بہت ہی کم یعنی ([illegible]) معہ محصول ڈاک۔ و کمیشن منی آرڈر مقرر ہے اور ہر حمائل شریف نہایت اعلیٰ و نفیس مجلد ہے اور پشت جلد پر سنہری حرفوں مین لفظ قرآن مجید لکھا ہے یہ بھی واضح رہے کہ یہ سب اولکی طبع شدہ جلدین ہین اور اسی سے کئی بار عکس لیا گیا ہے۔ امید کہ آپ اس تحفہ کو ضرور پسند فرما کر احقر کو اپنی منظوری سے بواپسی ڈاک اطلاع بخشین گے اور نیز اپنے احباب کو بھی اسکی خریداری کی رغبت دلائین گے۔ مہربانی فرما کر اپنے شہر کے روسا و اہل اسلام کی فہرست مرحمت فرمایئے۔ فقط۔

المشتہر

احقر محمد فرید الدین خان گوہر تاجر قرآن مجید گلی حکیمان آگرہ

کل سبب ونسب وصھر منقطع یوم القیمۃ الا سببی ونسبی وصھری

من تصنیف

عالیجناب حضرت سید شاہ برکات حسین صاحب سجادہ نشین درگاہ

مارہرہ حضرت برکت اللہ صاحب قدس سرہ المسمی بہ

ا...ص... ...وق

...شت پیش امام صاحب ... ین ...

نیکو مثل است اینکہ ہر کس بد کرد		بد با وگیـ...

اللھم اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین ...

نقل عریضہ

حاجی

فی عقد سیدتنا ام کلثوم رض

مع سیدنا الفاروق رض

حسب فرمایش جناب محمد فریدالدین خان صاحب المتخلص بہ گوہر متوطن بلدہ فیض بنیاد اکبرآباد

طبع فی مطبع ستارۂ ہند اکبرآباد

قیمت فی جلد معہ محصول

...ول ۵۰۰ جلد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و صلواۃ کے ... اظہر من الشمس و اشہر من الامس ہے کہ جناب مستطاب ... خلاصۂ دودمان مجتہدین ...

سیّد شاہ محمد امیر صاحب نور اللہ مرقدہ ... عرصہ تین سال کا ہوا کہ جناب قبلہ و کعبہ سید ابو القاسم صاحب مدظلہ العالی نے ایک خط

معظمی سید مقبول عالم صاحب کے تہا نسبت اس کمترین خلایق کے یہ فقرات تحریر کئے ... اور صحت

کہ برکت ہمارے مارہرہ مین ہین یا کہین اور جگہہ ہین اگر ہون تو بعد دعا کے میری طرف سے کہدینا کہ ہما ذہ ہوتا ہے

ذوق علم کلام سے سنتا ہون کلام کے ساتھہ سلام کو ترک نہین کرتے ہم بھی اس فن کو کچھہ کچھہ جانتے ہین کبھی کر

کیا کروم؟ ور کمترین نے بفحوائے اسکے کہ مصرعہ کرم ہائے تو مارا کرد گستاخ۔ تفنناً للطبع اُسکے جواب مین

ایک عریضہ محتوی بعض سوالات متعلقہ نکاح حضرت اُمّ کلثوم رض کے لکہا جسکو جناب ممدوحی نے خدمت

براعت انتساب سیّد کرار علی صاحب عرف کُنّان میان کہ جنکو سند پیش امامی بھی خاندان مجتہدین لکھنؤ

سے حاصل ہے پیش کیا اُن حضرت نے جواب لکھکر حضور ممدوحی مین بھیجا چنانچہ بعد ڈیڑہ برس کی جب حقیر کو ... فرما کر

مین مارہرہ سے اتفاق جانے آرہ ضلع شاہ آباد کا ہوا۔ دوسرا خط جناب ممدوح کا بنام خال محترم حاج الحرمین

الشریفین جناب حضرت سید غلام یحییٰ صاحب مدظلہ العالی کے آیا اوسمین بہ نسبت کمترین یہ تحریر فرمایا کہ

جواب تمہارے سوال کا کُنّان میان صاحب نے ہمارے پاس بھیجدیا ہی اگر تم لکھو تو ہم بھیجدین۔ اوسوقت

کمترین نے دوسرا عریضہ بطلب اُسکے خدمت مین جناب ممدوح کے روانہ کیا۔ چنانچہ اُسکے جواب مین صحیفۂ عالیہ

حضور ممدوحی معہ تحریر حضرت پیش امام صاحب بجواب سوالات مذکورہ بھیجا پہونچا اور حقیر نے لفظاً لفظاً
اوسکو دیکھا الحمد للہ کہ اوسکا جواب بھی بوجہ احسن کتب اہل حق و مخالفین سے لکھا اور نام اس تحریر کا
قول الصحیح الموثوق فی عقد حضرۃ امّ کلثوم مع حضرۃ الفاروق رکھا چنانچہ نقل عریضہ ثانیہ خود و
نقل خط جناب ممدوحی جو متضمن کتابت حضرت کنّان میان صاحب معہ جواب حالیہ ہے بہ ترتیب
تا ہون اعتذار اولی الابصار بخدا اس قسم کی تحریر کا میرا ارادہ نہ تھا حضرت پیش امام صاحب نے
ت و سخیف مشتمل اوپر سبّ و دشنام کی تحریر فرما کر ناحق میرے دست و قلم کو رنج دیا بلکہ اکثر جگہ بہ سبب
حضرت پیش امام صاحب کے مین نے اغماز و اعراض کیا اور قصداً اُس سخافت کے جواب سے گریز کی

نیکو مثل است اینکہ ہر کس بد کرد
بد با دگران نکرد و با خود بد کرد

اللہم اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین آمین
نقل عریضہ ثانیہ مذکورہ مبسملاً و حامداً و مصلیاً و مسلماً روحی فداک زبانی ماموں صاحب قبلہ
حاجی سید غلام یحییٰ صاحب کے معلوم ہوا کہ جواب تحریر احقر کا سید کرار علیصاحب عرف کنّان میان
نے خدمتِ حضور میں بھیجا ہے اور آپ عازم ارسال ہین اولاً حرف طلب سے پیشتر ایک عرض کرتا ہون
مجھکو یاد ہے کہ سابقاً لکھ چکا ہون کہ شعار کبرا و وطن ساتھ خوردون کے اور علیٰ ہذا بالعکس کبھی نہ تھا اور نہ ہی
کہ امور مذہبیہ میں مکالم و مناظرا در بہ نظر احقاق و ابطال مباحث و مشاجر ہون بلکہ علی القدر ہمیشہ مساعیٔ
جمیلہ او ہمم عالیہ اوس طریقۂ حمیدہ کے اختیار میں صرف فرمائین کہ جس سے توثیق مبانیٔ وصلت و التیام
اور استحکام ارکان پیوند و انضمام و وجود محبت و وفاق و شہود موالات و اتفاق فیما بینہم رہی پس عموماً و
خصوصاً دونون طرح ترک ادب سمجھتا ہون کہ حضور سے داعی جواب ہون اور بعد عمل مطالعہ اُس کے
اسقام و اعلال کو معروض اور باب مکالمہ کو و معارضہ کو مفتوح کرون سابقاً جو کچھ عرض کیا تھا وہ محض
امتثالِ امر تھا ورنہ حاشا ثم حاشا کہ سرِ مکالمہ ہو بالخصوص حضور کے ساتھ با اینہمہ رضای حضور اولیٰ و اعلیٰ و
انسب و ابہی اگر مرضی ہو بھیجدیجئے۔ یہ ظاہر ہے کہ خدمت کنّان میان صاحب نے اساطیر پیشین تحریر
فرمائی ہونگی عوام علماء کا تو کیا ذکر حضرات مجتہدین اولین و آخرین نے ادنٰہین اقاویل اولین کو مباحث

کلامیہ مین اولٹ پلٹ گڈمڈ اور ممزوج کرکے دفاتر و اسفار مبسوطہ مدون فرمائی وہی تتبع ہمارے کتاب
میان صاحب نے اختیار فرمایا ہوگا بقول حضرت نظامی رحمۃ ؎

جنبشِ اول کہ قلم برگرفت — حرفِ نخستین ز سخن درگرفت
پردۂ خلوت چو برانداختند — جلوۂ اول بہ سخن ساختند

ایک نتیجہ اس مفہوم کا سُننے کہ چند سال پیشتر اشتہار کتاب استقصار الافحام مشتہر ہوا تھا اور بہت کچھ محامد اوسکی تحریر تھی میرے قلب مین شوق و شغف اوسکا ہوا آخر مجلدات اوسکی جو مین دیکھتا ہون تو اُن بزرگ (صاحب استقصا) کو اوسی لکیر کا فقیر پایا اور حسب وصیت سبحانیہ علی صاحبہا التحیات الربانیہ کتب کلامیہ مین اسقدر رطب و یابس بھرتی کیے جائین کہ خصم دیکھنے سے عاجز آجائے ایسی کتاب ضخیم ادام فرمائی کہ واقعی ناظر اوسکا حیران اور مثل دود چراغ دماغ اوسکا پریشان ہو جائے۔ تحریر ایسی [illegible] کہ ٹوٹے گھٹنا پھوٹے آنکھ — ہرگز عنوان کو معنون سے مناسبت اور اصلا جواب کو سوال سے [illegible] نہین کہین اکا ذیب مورخین سے ابطالِ احادیثِ محدثین کیا ہے کہ جنکی شان تنقید و تصحیح ہے اور [illegible] تخلیط و تمزیج ہے۔ کہین روایات مجعولہ مین البیاز ور دیا ہے کہ زمین اور آسمان افترارات و عصیب بنا کر اُنکے قلابے ملا دیئے ہین۔ کہین تحسین عبارات اور تشبیہہ و استعارات پر جو آگئے ہین تو صفحے کے سیاہ کر دیئے ہین آپ دیکھینگے تو خوب امتیاز صحیح و سقیم منسوخ و مستقیم ہو جائیگا۔ ایک تحریر مفتی امیر حیدر صاحب مغفور کی جو حضرت جدی سید افتخار علی صاحب مبرور برد اللہ مضجعہ و بنسائم الجنان و شمامہ کے پاس آئے تھے مجھکو یاد آئی بجنسہ عرض کرتا ہون۔ چند روز میگزرد کہ بگوشم خورد کہ مولوی دلدار علی نامی جواب تحفہ اثنا عشریہ مینویسد چون مرتبہ علماء این عصر را از کلکتہ تا شاہجہان آباد بقدر حوصلہ خود تمیز شناسم حیرتم رو داد کہ کدام کس است کہ بمقابلہ پہلوان فضیلت شاہ عبدالعزیز دہلوی برآمد باز بدل گفتم کہ فیضِ مبدء فیاض منقطع نیست کسی بودہ باشد غرض بکمالِ شوق بواسطہ منہال میان صاحب بلگرامی منشی ڈاک لکھنو اجزائے جواب کتاب را کہ ہنوز تمام نشدہ چند خبرو برڈاک طلبیدم بکرات مرات در آن دیدہ بے تضییع کلامے است اشبہہ بہ ہذیانات مجانین کہ اصلا جواب را با سوال مناسبتے نیست فلک اگر میگزارد

عبارت تحفۂ اثنا عشریہ بجواب مولوی دلدار علی صاحب قبلہ کہ در آن است بدان برادر فہیم سلیم
(انتہت العبارۃ) وہی کیفیت اُن جناب (صاحب استقصا) کی ہے۔ ایک نمونہ اُن توہمات کا دکھاتا
ہون یہ معلوم ہے کہ روایات نفاق وارتداد و آثار عناد و لداد حضرات خلفا ثلثہ رض بالنسبۃ الی الرسول
المقبول و آلِ الاطہار صلعم قبل و بعدِ ارتحالِ آنحضرت صلعم عیاذاً باللہ کتب شیعہ مین مطرد و متواتر و
متکاثر ہین یہ امور اعلان ہین اسرار نہین کہ کوئی چھپا سکے اکابر و اصاغر کی نگاہ مین یہ حسب اعتقاد قوم مسلم ہین
کتابین اسقدر مملو ہین گویا اغواقا اُن گنتی ہین۔ اب وہ حضرت بحث محمد بن ابی بکر مین وہی زبان سے
فرماتے ہین۔ آری امامتِ نواصب و خوارج برائے جناب خلیفہ بالتحقیق حضرت عتیق مسلّم و درارتدادِ شان
حرفی نیست لیکن مسند این امامت را بعد ارتحالِ جناب رسالت مآب صلعم زیب و زینت دادہ اند و در زمانِ
نکاح با سماجامۂ اسلام را از بر کشیدہ و در عداوت اہلبیت نبوی بر ملا نکوشیدہ و متکی اریکۂ خصومت و لداد
علانیہ در آن زمان نگردیدہ پس توہم مخاطب کہ نکاح اسما با خداامش صحیح نباشد طرفی از صحت ندارد انتہے
مجھکو ایراد کلمات ذمیمہ سے بحث نہین یہ نتیجہ اونکی ملکات حمیدہ کا ہے حیرت یہی ہے کہ سید صاحب تو منکرین
حقائق پر شرف لیگئے وہ تو شاک فی الدقائق تھے یہ تو اُن امور سے منکر ہین جو کثرت تواتر و اشتہار سے
بموجب عقائد قوم معاذ اللہ بدیہیات اور مشاہدات کا درجہ پاچکے ہین کوئی اخس و ادون افراد شیعہ اُس
سے انکار نہین کرسکتا چہ جائیکہ افاضلِ متبحرین یہ اختراع جدید ہے کہ حیات حضرت نبوت مین وہ مسلم تھے
اور بعد رحلتِ حضرت خیمیت مرتبت مرتد ہوئے وہ تو حسب اصول تشیعین بالقطع والیقین معاذ اللہ ازل
سے معاند اہلبیت و رسول تھے سورۂ برات بن وہ منکوب کئے گئے جیش اُسامہ سے وہ منحرف ہوئے
وثیقہ خلافت مین وہ مخل ہوئے وغیرہ وغیرہ کہان تک عرض کرون عیاذاً باللہ۔ بخدا اتنے خدشات
پیدا ہوتے ہین کہ اگر لکھون تو بہت کچھہ لکھون تضیع اوقات اور تصدیع خدامِ عالی صفات سے اعراض
کرکے صرف دو باتون پر اقتصار کرتا ہون اولاً مقدمہ متنازع فیہا یہ ہے کہ موافق اصول حضرات طیبات
نکاح مومنہ کا ساتھ ناصبی کے اور عقد ناصبیہ ساتھ مومن کے حرام۔ چنانچہ سید صاحب بر سبیل تسلیم اگر بجواب
صاحب منتہی عم فیضہ فرماتے ہین کہ فاضلِ مخاطب برائے اظہار نہایت اطلاع خود تعدید اسما کرتند بلحق

بیفائدہ میکنند چہ این مسئلہ پر مشہور است واحدی از خواص وعوام انکار آن ندارد و محتاج بہ تجشم مونت ذکر اسمار کتب کثیرہ نیست۔ اب مین بہی اِس دعوی کو بلا نکیر مانتا ہون اور مسلم کہ جواز نکاح اسماسا تہہ خلیفہ اولین کے حالتِ حیاتِ نبوی بایں اعتبار کہ متحلی بحلیۂ اسلام تہے متحقق مگر بعد ارتحال حضرت رسولؐ ایسے مخالف اسلام سے معاذ اللہ کیون نہ نشوز وخلع اختیار کیا اور علی الدّوام لباس وفراش بنکر اپنے نفس پر ترتب عقاب لیا واجب تہا کہ حضرت مرتضویؓ بجبر و بہ وزارِ تداد دعویٰ ایقاع طلاق فرماتے اور خلافِ احکام منصوصۂ فرقانیہ پر نجانے بلکہ اونکو اوامر ونواہی مقدمۂ نکاح جتاتے اور تہدید دنیوی اور وعید اخروی سے ڈراتے جیسا اکثر مسائل مین اظہار حق اُن جناب کا زمانۂ حضرات خلفاؓ مین کتب شیعہ مین موجود ہے یعنی کیا کہ کتاب اللہ مین تو بعلت مغائرت حکم مفارقت دے اور عورت کفِ نفس نکرے اب دیکہیے کہ جناب سیّد صاحب یہ محذورات ہر سہ اُٹہاتے ہین اور اتنا نہین ہوتا کہ دعوئ صاحب منتہی پر کہ مبنی علی الصدق ہی سکوت فرمائین۔ بقول حضرات شیعہ خلفا کے وہی مثل ہوئی معاذ اللہ مصرعہ حیف کا فر مردن وآوخ مسلمان زیستین۔ عیاذاً باللہ اور حضرت سیّد صاحب اپنی عبارت مین لفظ برملا اور علانیہ اسواسطے استعمال فرماتے ہین کہ جواب دینے والے کو بڑی گنجایش ملے اور اپنے بچانے کو بہی سپر ہو اب دوسرا شگوفہ دیکہیے اوسی بحث مین جہان صاحب منتہی نے یہ فقرہ لکہا ہے۔ وآبا کرام سرور انام ولبیا ہے از سادات کرام را بر اصول متشیعین بہرہ از طیب ولادت بدست نیامدہ۔ سید ہی سندہی معارضہ بالقلب فرماتے جواب الزامی دیتے ہین۔ وطرفہ تر این است کہ مابعد سید ہی کہ چندے از ائمہ وشیوخ اہل سنت بنا در نسب اطہر جناب رسالت مآب نیز قدح کردہ اند۔ اولاً اس جگہ بحثِ ماتحن فیہ سے اعراض کرکے معترضہ عرض کرتا ہون کہ اگر کوئی کافر بیعت اسلام سے مشرف ہوا در بمطالعۂ افادات سیّد صاحب تحقیق عدم طیب ولادت آنحضرت پر معاذ اللہ نظر کرے تو فرمائیے کہ بجز سوء اعتقاد بلکہ الحاد وارتداد کے اور کیا نتیجہ اوسکو حاصل ہوگا حضرت رسول اللہ صلعم کہ ذاتاً وصفاتاً ونسباً وحسباً ہر طرح مطیّب ومطہّر تہے بعلت اقبال سید صاحب کو کسب شرف اونکا اُس نومسلم کی نظر مین بہ ستر ہو طا اور جہرۂ نسب اونکا نعوذ باللہ تازہ گرفتار کے حالت سقوط مین آگیا عیاذاً باللہ۔ اب فرمائیے کہ ظہور اس فساد کا موصل الی المطلوب

ہوا یا منتج نتیجہ منکوب بالجملہ اس جگہ دعوے صاحب منتہی کا اوپر سید صاحب کے قایم رہا اور سید صاحب اس بلند کو اوپر اپنے مسلم اور متمم کر چکے۔ رہا سید صاحب کا ادّعا سوا اوسکا قبول وا یا ہنوز اولی الالباب فی المنہی کے نزدیک ہماری طرف متحقق نہین ہو سکتا کما لا یخفی علے مہرۃ فن المناظرۃ ؎

سی باقی و آفتاب باقی ۔۔۔ مارا بہ تو صد حساب باقی

نقل صحیفۂ عالیہ جناب قبلہ و کعبہ سید ابو القاسم صاحب متضمن تحریر پیش امام صاحب ؎

نامہ کے ساتھ آئی ہے تصویر یار کی ۔۔۔ منھ دیکھتا ہون قاصد فرخندہ فال کا

عزیزی سعیدی و رشیدی سراپا احسن و مستحسن سید برکات حسن سلمہٗ دعای درازی عمر و جاہ مطالعہ ہو بعد مدت دراز نقوش خامہ تمہارا جلوہ طراز او رمسرت انباز او ر باصرہ افروز چشم او ر نگاہ کا ہوا اللہ اکبر ماموں سالہاے بے اندازہ مین یاد آئی قرنہاے بیشمار مین بخت او ر نصیب ماموں کے جگائے متحیر تھا کہ کوئی فراموش او ر گم شدہ شئے گران بہا ہاتھ آئی یا کسی نعمت غیر مترقبہ او ر دولت غیر مترصدہ نے اپنی صورت دکھائی ؎

صاحب کہان مین اور کہان یاد آپکی ۔۔۔ یہ بھی اک اتفاق قضا و قدر ہوا

اسوقت مین واسطے جانے علاقہ بیرو نجات کے مستعجل ہون او ر فرصت بہت کم رکھتا ہون جواب خط تفصیلی تمہارا کہ اطمینان طلب ہے معرض تحریر مین نہین لا سکتا خلاصہ یہ ہے کہ یاد آوری تمہاری کسی حیلہ او ر ضرورت سے ہو میری روح او ر قلب کی تازگی اور دل و جگر کی فربہی ہے ؎

نامہ اُس گل کا ہے قوت بخش جان ناتوان ۔۔۔ ایسی یا قوتی میسّر ہو تو کھایا چاہیئے

الحمد للہ ایسا ہی ورود خط تمہارے سے خوش او ر محظوظ ہوا کہ غنچہ کو اپنی شگفتگی خاطر پر رشک آیا ؎

مارے خوشی کے منھ سے نکلتی نہین ہے بات ۔۔۔ گویا زبانی لایا تھا قاصد پیام دوست

سچ اور انصاف یہ ہے کہ تحریر تمہاری بمرتبہ زبردست او ر زور رسندا و رشافی و مہارت علم کلام مین تومند ہے عالمانہ او ر مستعدانہ عبارت لکھتے ہو او ر بکمال رزانت رای او ر نازک خیالی او ر فکر و ذہن سے طایر مضمون شکار کرتے ہو بھلا ہماری تحریر کم مایہ کو تم سے کیا برابری ہماری فکر ناقص کی ابتری ہے جو تم سے ہمسری کرے تم واقع مین طالب علم جیّد او ر فن مناظرہ مین قابل نظیر و سند ہو مین ناظر مناظرہ کا ہون او ر شوق دیکھنے کتب

کلامیہ کا البتہ رکھتا ہون مباحثہ کی تحریر با خود ہا پسند نہین کرتا یہ جھگڑے بدون ظہور حضرت امام آخر الزمان
علیہ السلام دنیا سے نہ اوٹھین گے پہر اس مین گفتگو کرنا کیا فائدہ دل کی برائی جسکو منظور رہو وہ ایسے امور
کا ظہور اختیار کرے خصوصاً تم سے تو کسی طرح مباحثہ کا موقع نہین ہین خود تذکرہ اوسکا کتان میان نصاحب
سے کہکر چوکا - وجہ تذکرہ یہ تہی کہ امر خارج مبحث تم نے لکہا تہا مجھکو اور اک اُس حال مین دخل نہ تہا ورنہ مین
خود بقدر مبلغ علم اپنے جواب مناسب اوسکا لکھ بہیجتا در واقع کتان میان صاحب نے جواب اوسکا تحریر فرمایا
بعض باتین اونہون نے خلاف تہذیب اور منافی شان اخوان و خویشاوندان لکھی تہین وہ مینے نکلوا ڈالین
جو کہ مجیب کو خواہ مخواہ مقابلہ مین مخالف اور مدعی کی ایک کوشش ہوتی ہے بعض فقرات اب بہی طعن آمیز
اوس مین رہ گئے ہین مینے چاہا تہا کہ اوسکو اپنے ہاتھ سے صاف کرکے اور اوسکو خارج کرکے روانہ کردون
عدیم الفرصتی سے نوبت اُسکے صاف کرنے کی نہین پہنچی اب کہ طلبی اوسکی تم نے تحریر فرمائی وہی کاغذ گندہ
پر جیسا اصل اونہون نے میرے پاس بہیجا تہا روانہ کرتا ہون تمہاری کتابون سے اوسکو مدلل کیا ہے اور
نکاح حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا ساتھ خلیفۂ دوم کے محض بہتان و افترا ہے ملاحظہ جواب سے تمکو واضح ہو جاویگا لیکن
طولِ تحریر جواب سے مناظرہ کو مت دیجیو کیا فائدہ یہ قصہ ہرگز اختتام نہ پاویگا اور ویسے پاسداری او لحاظ مراتب
جیسا برادران اور بزرگان اور علمان وطن نسبت اخوانِ خلاف مذہب کے تہا وہ اب کہان رہا مگر کچھ اور
اوسکا ہم تم مین رہ گیا ہے اطلاعاً تحریر کیا چاہئے کہ اب طریقہ اجرائے کتابت اپنی کو ہمیشہ جاری رکہو
خیریت تمہاری جداگانہ دریافت ہوتی رہے زیادہ دعا انتہی بلفظہ -

نقل تحریر حضرت پیش امام صاحب

الحمد للہ الذی جعلنی من امة محمد سید النبیین ومن شیعة علی سید الوصیین ولعثنا فی فرقة المحقة الناجیة
الاثنا عشریة واحفظنا من شر ایا السنة السنیة الاشعریة والصلوٰة والسلام علی
خیر خلقہ محمد سید الانبیاء ووصیہ خیر الاوصیاء وعترته الطیب النجباء ولعنة اللہ علی مبغضیھم ومنکرھم و
غصبة حقوقھم الی ما سعرت السحاب بین السماء والارض اما بعد برارباب الباب الذین من الشیعة
الاطیاب مخفی ومحتجب مباد کہ درین جزو زمان بعضے از حضرات اہل سنت کہ دم از تصوف میزنند وازیادہ محبت

عمری چنان سرشار ند کہ بیباکانہ دست از دین و دیانت برداشتہ در ہتک و ہجو منی اولاد رسول مقبول
بہ دل و جان بکوشند و انواع انواع اتہام و کلمات خلاف ادب مشعر بغض و نفاق بمقتضای الاناء یترشح بما فیہ
بہ نسبت ذریات طیبات رسالت بر زبان نجس آوردہ بقلم بیباک نداز ین جاست کہ درین روزہا یکے از
غلامان زادہ خطاب سوالے متضمن اثبات عقد جناب عصمت مآب ام کلثوم بنت فاطمہ صلواۃ اللہ علیہا با عمر
ابن خطاب مثل نامہ اعمال خود سیاہ کردہ استجواباً پیش یکے عزیزان ذو المناقب والمفاخر جناب سید ابو القاسم
فرستادند جناب موصوف بمقتضاے علو ظرف خطاب ہیچ ذوی الاذباب خلاف شان خود دانستہ بہ تحریر
جواب التفات نکردہ نخیف را بتعمیل این خدمت مامور فرمودند ہر چند کہ نخیف را چندین لیاقت درین فن
حاصل نیست بلکہ از جملہ فنون قصیر الباع است لیکن بمقتضای المامور معذور بہ تعمیل ارشاد پرداخت وہر چہ
حاضر ذہن بود حوالہ کاغذ و قلم ساخت وما توفیقی الا باللہ وھو حسبی ونعم الوکیل - قال بعض المشککین
مجھکو دو امر میں ایسا شک رہتا ہے کہ وہ کسی طرح رفع نہیں ہوتا آپکی خدمت میں از روی استفادہ عرض کرتا
ہون حاشا کہ سر بحث و خیال قیل و قال ہو خاندانہاے وطن اور مارہرہ اور آرہ اور کواٹھ کا یہ طریقہ نہیں
خصوص خدمت بزرگون مین جانب خوردون سے امید کہ آپ محض استفسار واسطے محو ہونے نقش شبہہ
کے طبیعت عاصی سے جواب باصواب تحریر اور تسطیر فرمائین اول یہ کہ کمترین کو درباب نکاح حضرت ام کلثوم
بنت حضرت فاطمہ علیہا السلام کے جو حسب روایت کتب حدیث ساتھ حضرت خلیفہ ثانی کے ہوا تھا خلجان
رہتا ہے اگر یہ امر واقعی ہوا ہے تو روایت مصارعت وغیرہا حضرت سیدہ کی اور بے ادبی حضرت خلیفہ ثانی
کے اخلاق سے خالی نہین اور جب مصاہرت ثابت ہوئی تب جتنے توہمات کہ محظور ہین جاتے رہے اس
واسطے کمترین عرض کرتا ہے کہ حضور کی نظر سے کوئی تحریر ایسی گذری ہو کہ جس سے خلجان عاصی کا رفع ہو
ضرور اطلاع بخشئے گا - اور مین اوس جواب کو نہ مانونگا جیسا کہ جناب مجتہد دلدار علی صاحب نے مواعظ
حسینیہ مین تحریر فرمایا ہے کہ حضرت امیر علیہ السلام نے ایک زن جنیہ بشکل حضرت ام کلثوم نجران سے طلب فرماکر
انکو ابہ حضرت خلیفہ ثانی کی فرمائی بھلا حضور غور فرمائین کہ وہ نفس قدسی ایسے امر کی مرتکب ہوئی کہ جس
مین معاذ اللہ حیلہ و فریب ناجائز پایا جاوے اور وہ نفس رسول بظاہر عقد حضرت ام کلثوم کا فرمائین اور

یہ باطن زن جنیہ طالب کرین ذہن مین کسی طرح نہین آتا اور بڑی قباحت جناب امیر پر اشنا عن جناب ہم عاید
ہوتی ہے بلکہ بمجبوری زبان قلم سے عرض کرتا ہون کہ سالہا سال ایک جنیہ اجنبیہ ہم بستر جناب ثانی کے
رہے ہیں حالانکہ محرز وجہ اصل مین ادر رہوا اور یہ تمام بے حرمتی خلاف شرع واقع ہوا ومعاذ اللہ باعث اسکا بجز ذات ان کے
حضرت امیر ہون ہرگز عقل سلیم اور ذہن مستقیم قبول نہین کرتا اور یہی اسکو ہی بنا تو شگاف یا گہر از ہم صاحب
کشمیری نزہہ مین فرماتے ہین (برائے تسلیم صحت این روایت وجہ مقبول بودن آن) تضعیف حدیث کلینی کی
توجہات سے خالی نہین کسواسطے کہ وصایا جو آنحضرت صلعم کے ساتھ جناب امیر کی ہین ملا محمد باقر مجلسی اپنی
تصانیف مین اور دیگر ثقات مثل متواترات کے تحریر فرماتے ہین وہ بھی اور پر صدق روایات کے ہین اور
سند اونکی ائمہ علیہم السلام سے دیتی ہین پس کیونکر ذہن قبول کرے کہ وہ ضعیف اور مختلق ہونگی۔ اور صاحب
ناسخ التواریخ کہ جامع اوسکا وزیر شاہ ایران ہے اور عنوان کتاب مین اہتمام بلیغ درباب تالیف کیا ہے
جلد دوم صفحہ ۲۲۷ مطبوعہ ایران مین یون حاکی ہے کہ نکاح حضرت ام کلثوم کا سنہ ۱۷ ہجری مین واقع ہوا
اول صاحب استیعاب سے روایت لکہی ہے بعد اوسکے تحریر کرتا ہے۔ جماعت مردم شیعہ درین قصہ
فرادان کردہ اند و گویند اینکہ رسول خدا عثمان بن عفان را بمصاہرت خویش اختیار فرمودہ و بقای
متابعت داشت نفاق وشقاق از مصطفے پدیدار نبود و از روز یکہ عمر ابن خطاب پیغمبر فانی خدا و رسول
نمودہ و غصب خلافت کردہ از دین بیرون شدہ مصاہرت او در شریعت روا نبود از این رو علی
فرمود و عمر پیام غلاظت و شدت تہدید و تہویل قتل امیر فرستاد و عباس چون نگریست کہ درین قضیہ
حدیث شود این خبر با علی آوردہ و بہ الحاح از حضرتش استخراج مسئول عمر بگرفت۔ بعضے از مردم
کہ ام کلثوم بسرائے عمر نرفت بلکہ یک زن جنیہ بصورت ام کلثوم بر آمد و با عمر ہم بستر شد لیکن مردم شیعہ
نمی افتاد کہ مثل چنین مصاحبت کنند چہ نزد ایشان خطبہ کردن ام کلثوم بیرون از غصب خلافت
آن تا قیامت باقی است بزیادت نیست از حضرت صادق حدیث کردہ اند اول فرج غصبناہ
پس لازم نیست کہ جنیہ بصورت ام کلثوم در آید۔ عاجز نے اس عبارت کو اسواسطے نقل کیا ہے کہ
خواہ مخواہ آپ اسکو تسلیم فرماوین اگر سند اسکی کتب معتبرہ سے پائی جاوے تو اوس حال مین عدم قبول

کی کوئی حجّت باقی نہیں رہتی تو تسلیم کرنا واجب ہوگا اور ایسا جواب ارشاد نہ کیجیئے گا جیسا کہ صاحب
استقصاء الافحام نے صاحب منتہی الکلام کے جواب میں لکھا ہے۔ جناب مولوی سبحان علیخاں صاحب کے
جواب میں مولانا سید علی صاحب فرماتے ہیں۔ خانصاحب حدیث حوض کو اوپر خلفاء راشدین کے
صادق فرماتے ہیں حالانکہ اوسمیں لفظ (صحابی) موجود ہے اور باحادیث متکاثرہ کتب شیعہ سے ثابت
کیا ہے کہ رسول خدا کو التباس اور عدم علم کیونکر ہوا اور جناب سید حامد حسین صاحب اسکے جواب میں
فرماتے ہیں کہ (دانش اقتضیح و تذلیل این گروہ شقا و ثبت آثار بد دہ گردیدہ) حضور ہی غور فرمائیں کہ معاذ اللہ
رسول کی آنکھوں پر احتجاب پڑ جاتی ہے کہ کافر کو اصحابی اصحابی رب جلیل کے سامنے فرمائیں بلکہ واسطے
شفاعت کے آوٹھیں یہ باتیں تو عوام البتہ کیا کرتے ہیں کہ تمسخر کی راہ سے لمبی ڈاڑھی والے کو مولوی صاحب
شاہ صاحب۔ پیر صاحب۔ ولی صاحب اور منڈی ڈاڑھی والے کو دُم ڈاڑھی قلتبان ہندو کہتے
ہیں اور ایسا ہی جواب نہ دیجیئے گا جیسا کہ مولوی سبحان علیخان صاحب وغیرہ میں بحث فدک کی فرماتے
ہیں۔ اما دیگر وجوہ کہ خلق را سوئے ابوبکر خلیفہ روی داد کہ در معاملات خلق کار بر بستا وی یکبار تدلیس حسبۃ للہ
محل خوض انصاف است کہ خلیفہ رسول کہ اختیار تقسیم صدقات نبوی بدست خویش باشد دختر رسول خدا چیزے تواضع کند از مسلمانان
کدام کس آزردہ باشد کہ سر مساہمت با بنت حضرت رسالت داشتہ باشد و ناگوارش گذرد چہ نمیدانند کہ این دختر آن کس است کہ
بہ دولت او دولت دنیا و دین یافتہ ایم و مالک ہر دو سرا است اگر بہ کرام نشناسی حق نشناسی اگر کار بہ تحاسد میکرد
میکرد ازان کدام حضرت۔ بعد تھوڑے فاصلے کے فرماتے ہیں۔ باقی ماند ظن بعید کہ حضرت عباس و ازواج
مطہرات بہ تنافس عرصہ بر جناب عتیق تنگ میکردند این توہم بیش نبود پس می بایست کہ کشف ضمیر خود این
بزرگان پیدا نکنند بنابر آنکہ حفصہ راضی تو ام گفت باقی ازواج مطہرات و حضرت عباس غالب کہ پاس جلیلہ
حبیب ایزد منان ملحوظ میداشتند و اگر بالفرض گردن دعوی می افراشتند تعویض بدیگر اموال کہ او از حسنہ
عہد معدلت عہد نبوی از بحرین وغیرہ قدر معتد بہ می آمد فکیف یوماً فیوماً دائرہ مملکت اسلام وسیع تر میشد ممکن بود
ازین ہم در گذشتم وقت دعوی این حضرات در محاصل فدک تقسیم بحضرت سیّدہ و این بزرگواران میکردند لا علی
وجہ التوریث و بجناب سیّدہ عوض میکردند کہ رضا سے این حضرات ہم کہ در صورت توریث البتہ شریک می بودند

ضرور است و علی ہذا نہ حضرت سیّدہ راجائے گلہ بود و نہ کسے از خلق اعتراض میکرد۔ حضور تامل کرین کہ خانصاحب نے کتاب اثبات حق مین تحریر کی ہے یا حسب روائد دشل فیصلہ جات یا نظائر لکھے ہین کہ یون ہوتا تو یون کرتے اور وہ ہوتا تو وہ کرتے رسول خدا کی خلافت کیا ہوئی تعلقہ ماتڈہ کا ہوا۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے عہد خلافت عہد حضرت امیرؑ کے بمصلحت اتنا ہی فرمایا تہا کہ آپ عزل معاویہ مین اندکی توقف فرمائین جو کہ آپنے ارشاد کیا حضور پر مبرہن ہے مظلمہ ایک نفس کا گوارا نہ فرمایا پس جہان یہ مقام ہو وہان خانصاحب کی تجویزا ور فیصلہ کے باب مین کیا عرض کرون رسومات دہلی اور لکہنو کہ اپنے ذہن سے نکالکر صرف کرتے ہین۔ اور دوسرا شک پہر عرض کرونگا۔

جواب الحق اوّل

شک شاک مبنی اوپر عدم تدرب اور ناواقفیت اوسکے کتب فریقین بلکہ کتب مذہب اپنے سے ہی اسلئے کہ ثبوت نکاح امّ کلثومؑ بنت فاطمہ با خلیفہ ثانی کتب سنّیہ سے مشکل ہے تا بہ کتب شیعہ چہ رسد۔ اور حال لیاقت مخاطب کا اغلاط چند الفاظ مثل مصارعت وغیرہ بجاے مصاہرت و طرز تحریر مثل تشریع بجای تشرّع وامثال ذلک سے ظاہر ہے اسلئے کہ منقول عنہ اسکا خاص چکیدۂ قلم مخاطب مشکک سے حسب املا مخاطب یہان نقل ہوا حالانکہ مصارعت فی الصراح بمعنی کشتی گرفتن۔ والمصاہرۃ داماد و خسری کردن ومقصود المخاطب ههنا مفهوم الثانی فلم یمیز بین اللفظین مع کون بین مفهومهما البعد المشرقین فضرع فی المصارعۃ مع اہل الحق فی المناظرۃ ولذا تخبط فی التقریر وغلط الاملاء والتحریر پس باین نظر تحریر جواب وخطاب مین تامل تہا فاما بنظر اشاعت حق وتبکیت اہل باطل واصرار بعض احباب مع قصور باعی نے ہذا الفن الشریف وتوزعی عن لتصادم الدهر السخیف وجوہ چند مشعر عدم ثبوت نکاح ورفع شک شاکین عرض کرتا ہون لعلهم یهتدون واضح ہو کہ نکاح امّ کلثومؑ بنت فاطمہ با ابن خطّاب کتب فریقین سے ثابت نہین ادّعاے اہل سنت بوقوع این امر محض لسانی ومقتضای عصبیت وعداوت جناب امیر علیہ السلام کی ہے تا باین کید وحیلہ عیب پوشی خلیفہ ثانی اپنی کی کرین مصرعہ ولن یصلح العطار ما افسدہ الدهر۔

اما کتب سنیان پس مخفی نرہے کہ بعض متکلمین نے اپنے رسائل مین یون ذکر کیا ہے کہ ابن ماجہ اور ابن داود

محدثانِ اہل سنت کہتے ہین اعلم ان المسماة بکلثوم اثنتان احدھما کلثوم بنت الراھب وثانیھما بنت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نوقعت نکاح کلثوم بنت علی مع محمد بن جعفر الطیار و وقعت نکاح کلثوم بنت الراھب مع عمر ابن الخطاب - یعنی بدانکہ بدرستیکہ مسماة کلثوم دو تہین ایک اون مین کلثوم بنت راہب دوسری کلثوم بنت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ پس واقع ہوا نکاح دختر علیؓ کا ہمراہ محمدؓ پسر جعفرؓ طیار کی اور واقع ہوا نکاح کلثوم دختر راہب کا ہمراہ عمرؓ ابن الخطاب کی ایضاً بیہقی و دارقطنی نے نقل کیا ان علیاً عزل بناته لولد اخیه جعفر فلقیه عمر فقال یا ابا الحسن انکحنی ابنتک ام کلثوم بنت فاطمه بنت رسول اللہ صلے اللہ علیه وسلم قال قد حبستهن لولدی اخی جعفر - یعنی بدرستیکہ علیؓ نے علیحدہ کیا دختران اپنے کو واسطے پسران برادر اپنے جعفر کی پس ملاقات کی علیؓ سے عمرؓ نے پس کہا اے ابو الحسنؓ نکاح کر میرا ساتھ دختر اپنی کلثومؓ بنت فاطمہؓ کے کہا علیؓ نے کہ حبس کیا ہے مین نے اونکو واسطے پسران برادر اپنے جعفر کے - اور صواعق محرقہ مین بہی یہی عذر حضرت علیؓ کا مذکور ہے - اور بشہادت مصنفِ مشارق الانوار کہ صحیح بخاری سے ناقل ہے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے لا یخطب احدکم علی خطبة اخیه یالای خطبہ برادر مومن ممنوع و ناجائز ہے پس اِس صورت مین علی اعتقاد السنیة کیونکر ہوسکتا ہے کہ خلیفۂ ثانی باوجود مرتبہ خلافت و فاروقیت بہ ارتکاب خطبہ بالای خطبہ مرتکب امر ممنوع کے ہون وھذا اوضح الدلائل علی عدم ثبوت النکاح - اور عمدہ دلیل و شاہد صدق عدم ثبوت نکاح کا بیان صاحب تحفہ ہے کہ عند المصنف بالقطع مادہ شک کو بیخ و بن سے برکندہ کرتا ہے چنانچہ باب یازدہم تحفہ مین لکہتا ہی وھذہ عبارته کہ درین جا خود بالقطع والتواتر ثابت است کہ زید بن عمر از بطن آن سیدہ بوجود آمدہ او را عمرؓ بنام برادر بزرگ خود زید بن الخطاب کہ در جنگ مسیلمۂ کذاب شہید شدہ بود مسمی کرد و زیدؓ بن عمرؓ جوان شد و بست سال عمر یافت و در خانہ جنگی کہ فیما بین بنی عدی واقع شدہ بود شب ہنگام برای اصلاح از خانہ برآمدہ بود و درآن حیص بیص شہید شد و مادر مطہرۂ او نیز ہمان روز بمرض درگذشتہ بود ہر دو جنازہ را یک وقت حاضر نمودند حضرت امام حسین و عبد اللہ بن عمر نماز جنازہ خواندہ دفن کردند - اس جگہہ سے واضح ہوا کہ محض بسبب اشتباہ نام مسماة کلثوم بنت راہب منکوحہ عمرؓ کو بنا بر عداوت حضرت علیؓ و تشکیک عوام کلثومؓ بنت فاطمہؓ قرار دیا کیونکہ کلثوم بنت

فاطمہؑ کا صاحب اولاد ہونا کتب سیر سے ثابت نہیں پس لامحالہ زید بن عمرؓ بطن کلثوم بنت راہب سے متولد
ہوا ہوگا اور یقیناً درصورت صدق وہی بنت راہب یا کلثوم بنت ابی بکر از بطن اسما بنت عمیس
کما سیاتی ذکرہا منکوحۂ عمرؓ ہوگی نہ کلثومؓ بنت فاطمہؑ اسلئے کہ خود بروایت اہل سنت کتاب روضۃ الشہداء
اور تحریر الشہادتین مصنفہ شاہ سلامت اللہ اور تقریر الشہادتین وغیرہ تواریخ اہل سنت میں مصرح ہے کہ
کلثومؓ بنت علیؑ ہمراہ برادر اطہر اپنے جناب امام حسینؑ کے معرکہ کربلا میں موجود تھیں اور بعد شہادت امام مظلوم
قید میں مبتلا ہو کر مدت تک زندہ رہیں بلکہ چند اشعار ام کلثوم مرثیہ امام حسین میں تحریر الشہادتین فی شرح
سر الشہادتین میں موجود ہیں اور خود بشہادت صاحب تحفہ واضح ہو چکا کہ ام کلثوم مادر زید منکوحہ عمرؓ قبل
معرکہ کربلا فوت ہوئی اور حضرت امام حسینؑ نے نماز جنازہ اوس پر پڑھی اور دفن کیا فکیف الاتفاق مقام
غور ہے کہ اس صورت میں کیونکر ام کلثوم بنت علیؑ منکوحہ عمرؓ ہو سکتی ہیں فما ھو الا افتراءھم علی اہل بیت
سید الانبیاء نفاقاً وعداوۃ السید الاوصیاء وبھذا ادعاءھم بالولاء فھی اضحوکۃ الصبیان والنساء فجزاھم
جزاء الکلاب العاویات رب الجزاء اور طرفہ یہ ہے کہ جو روایات دربارۂ ثبوت نکاح مستمسک اس فرقہ
کے ہیں ثبوت نکاح اوس سے تو محالات سے ہے بلکہ اگر غور کیا جائے مظہر بغض ونفاق بلکہ کفر والحاد فرقہ سنیہ
کے البتہ ہیں چنانچہ مشتے نمونہ از خروارے یہ ہے فی کتاب الاستیعاب عن محمد ابن علی ان عمر بن الخطاب خطب الی
علی ابنتہ ام کلثوم فذکر لہ صغرھا فقیل لہ انہ ردک فعاودہ فقال لہ علی ابعث بھا الیک فان رضیت فھی
امرأتک فارسل بھا الیہ فکشف عن ساقھا فقالت لہ لولا انک امیر المؤمنین للطمت علیک۔ یعنی جبکہ عمرؓ
جناب علیؑ سے ام کلثومؓ کی خواستگاری کی اور حضرت نے اونکی کم سنی کا عذر کیا پس لوگوں نے ورغلانا
اور کہا کہ تیرے قول کو نہ مانا پس عمرؓ نے پھر درخواست کی اوسوقت حضرت نے کہلا بھیجا کہ میں اوسکو تیرے
پاس بھیجتا ہوں اگر وہ راضی ہو تو تیری زوجہ ہے پس حضرتؑ نے ام کلثومؓ کو عمرؓ کے پاس بھیجا عمرؓ نے اوسکے
ساق پا کو کھولا ام کلثوم نے خفا ہو کر عمرؓ سے کہا اوٹھا ہاتھ اپنا اگر تو امیر المؤمنین نہ ہوتا تو میں تیری آنکھ پر طمانچہ
مارتی ایضاً کتاب مودت میں شیخ شہاب الدین دولت آبادی نے باب ششم میں شرح خصائص میں لکھا ہے کہ
جب عمرؓ نے یہ درخواست کی اور جناب امیرؑ نے وہی عذر کیا تو عمرؓ نے کہا مجھے عورتوں کی طرف حاجت نہیں

مگر رسول خدا سے مینے سنا ہے کہ کل نسب وسبب روز قیامت قطع ہو جاوینگے مگر جو سبب اور قرابت کہ مجھ سے ہو
پس علی نے نکاح اوسکا بعوض مہر چالیس ہزار درہم کے کر دیا اور سن ام کلثوم کا چار پانچ برس کا تھا اور عمر
عمر کی پچپن سٹھ برس کی تھی فاجلسہا عمر الی جنبہ فرفع میزرہا و مسح بیدہ علی راسہا فمر دساقہا فرفعت یدہا و کادت
ان یلطمہ و قالت لولا انت امیر المومنین للطمت علی خدک فقال عمر دعواہا فاخفاہا شتمتہ قرابتہ یعنی پس بٹھلایا
اونکو عمر نے پہلو میں اور اوٹھائی اونکے سر سے چادر اور پھیرا اونکے سر پر ہاتھ اپنا اور ننگا کیا اونکی ساق کو پس
اوٹھایا ہاتھ ام کلثوم نے عمر کی طرف اور کہا اگر تو امیر المومنین نہوتا تو مین تیرے منہ پر طمانچہ مارتی عمر نے کہا
چھوڑ دو اوسکو کہ جھڑک دیا تجھکو ایسا کتاب استیعاب میں کہ کتب معتبرہ سنیہ سے ہے لکہا خطبہا عمر
ابن الخطاب الی علی فقال لہ انہا صغیرۃ فقال لہ عمر زوجنیہا یا ابا الحسن فانی ارصد من کرامتہا ما لا یرصد احد
فقال علی انا ابعثہا الیک فان رضیتہا فقد زوجتکہا فبعثہا الیہ ببرد فقال لہا قولی لہ ہذا البرد الذی قلت
لک فقالت لہ ذلک فقال قولی لہ قد رضیت رضی اللہ عنک و وضع یدہ علی ساقہا فکشفہا فقالت اتفعل
ہذا لولا انک امیر المومنین لکسرت انفک ثم رجعت یعنی استدعا کی عمر نے ام کلثوم کی علی سے پس کہا علی نے
کہ وہ صغیرہ ہے پس کہا عمر نے علی سے اوسکو میرے ساتھ تزویج کر مین اوسکی بزرگی کا امیدوار ہون پس
کہا علی نے مین تیرے پاس بھیجتا ہون اگر تو اوسکو پسند کریگا تو میں اوسکو تیرے ساتھ تزویج کیا پس اوسکو
بھیجا ساتھ ایک چادر کے اور اون سے کہا میری طرف سے عمر کو کہنا کہ یہہ وہ چادر ہے کہ جسکو مینے تجھ سے
کہا تھا ام کلثوم نے کہا عمر نے کہا کہ تو میری طرف سے کہنا کہ مین راضی ہوا خدا تجھ سے راضی
ہو عمر نے ہاتھ ام کلثوم کے ساق پر رکہا اور اوسکو کہولا ام کلثوم نے کہا اگر تو امیر المومنین نہوتا تو مین تیری
ناک توڑ ڈالتی پہر گہر کو چلی گئین ایضاً بعض متکلمین نے اپنے بعض رسائل مین نقل کیا کہ ابن حجر عسقلانی شارح
صحیح بخاری لکہتا ہے کہ ان علیا لما ابی عن نکاح ابنتہ لعمر استقل رعمر بہا لم یکن لتقبل منہ ذلک اللمذرحتی الجاہ
الی ان برزہا ایاہ فارسلہا فلما رآہا عمر اخذہا وضمہا وقبلہا یعنی جب علی نے انکار کیا نکاح کرنے سے اپنی دختر کا
عمر کے ساتھ اور عذر کیا اوسکی صغیر سنی کا تو عمر نے اس عذر کو قبول نہ کیا تا آنکہ الجا یا اور مضطر کیا علی کو اس
امر پر کہ اوسکو مجھے دکہا دو پس علی نے اوسکو عمر کے پاس بھیجدیا جب عمر نے اوسکو دیکہا پکڑا اوسکو اور

چھاتی سے چمٹایا اور بوسے اوسکے لیے انتہی ما اردنا نقلہ من کتب اہل الخلاف علی ما یکفیہ لاہل الانصاف
بنظر انصاف ان روایات واقوال منیہ مین تامل کرنا چاہیئے کہ کسقدر کفر والحاد اس فرقہ کا اور عداوت و نفاق
بانفس رسول اس سے مترشح ہے اور کیسے کیسے کلمات نازیبا مشعر ہتک حرمت و اسارت ادب طرف
اہل بیت اطہار اور ذریت رسول مختار منسوب کرتے ہین کہ اگر کوئی یہ نسبت پیر و مرشد و عالم سنیون کی مثل
پیر دستگیر و شاہ عبدالعزیز کی بلکہ اعادِ ناس کے ایسا کلمہ لکھے کہ مثلاً غوث الاعظم یا عبدالعزیز کی بیٹی کا
کسی نے کمربند کھولا اور برہنہ کیا یا چھاتی سے چمٹایا یا بوسہ لیا اور مساس کیا تو کسقدر سنی لوگ برا مانین گے
اور حتی المقدور لڑنیکو آمادہ ہونگے بخلاف اسکے یہ نسبت اہل بیت اطہار کی کہ جنکے عصمت و طہارت
اور بزرگی و حرمت کتاب خدا اور احادیث رسول سے ثابت ہے اور بروایت صحاح ستہ ایذاے اہل
بیت موجب ایذاے جناب پیغمبر ہے کسقدر بے باکی و بے حیائی کو کام فرمایا ہے اور باوجود اسکے دعوے
تمسک و ولایت فلعنۃ اللہ علی الکاذبین اور طرفہ یہ ہے کہ باوجود ان اکاذیب مردودہ کے تاہم ثبوت مطلب
اس فرقہ کا نہین ہوتا اس لیئے کہ انکار اوس جناب کا نکاح سے اور عذر صغر سنی کا اور ملجا اور مضطر ہونا حضرت
کا دست عمر سے جمیع روایات سے صراحتہً ثابت ہے اور کسی روایت مین تزویج اور کسی مین بلا تزویج بھیجنا
اور انحصار تزویج برضاے ام کلثوم یعنی ان رضیت فہی امرأتک جملہ روایات مین اور بعض روایات مین ان رضیتہا
یعنی اگر تو پسند کرے اور بعض مین تصرح تعداد مہر کی ہی ہے اور شدت و غلظت عمری تو سب مین منقول ہے
اور یہ بھی روایات مجعولہ مذکورہ سے ظاہر ہے کہ سن ام کلثوم کا چار سال اور سن عمر کا چھیاسٹھ ۶۶ سال
کا تھا اور کشف ساق و ضم صدر و بوس و کنار سب سی مترشح ہی پس اب یہ مضامین عند المنصف لائق غور ہین
کہ اول مسلمات فریقین سے ہی کہ نکاح نابالغات کا شرعاً منحصر براجازت و رضای اولیا یعنی اب و جد کی
ہوتا ہے نابالغہ کی رضامندی و اجازت شرعاً اصلاً معتبر نہین ہی اور عدم بلوغ ام کلثوم کا عذر صغر سنی و چہار
سالگی سی ظاہر ہے کما سبق ذکرہما پھر حضرت امیر کا فرمانا ان رضیت فہی امرأتک یا ان رضیتہا فقد زوجتکہا
یعنی اگر وہ راضی ہو یا تو پسند کرے پس وہ زوجہ تیری ہے ازچہ باب توان فہمید اور درصورت انعقاد نارا
ام کلثوم کی اور کہنا اونکا لولا ان ذلک امیر المومنین للطمت کس راہ سے تھا لان النکاح موقوف علی التراضی

۱ لطرفین و اذلیین ذلیلیں پھر فارق عادل کو باوجود خلافت آپکے حرکت دست درازی کی نسبت ان اجنبیہ کیونکر
ہوئی اگر سنیوں نے حرمت و عظمت حضرات اہل بیت اظہار کی بنابر عداوت چھوڑدی خلافت فاروقی کی بھی آبرو
ڈبودی کہ خلیفۂ ثانی کو مثل رندان بیباک کے قرار دیا ــــہ چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی۔ کیون حضرات
کسی قوم و قبیلہ مین یہہ رسم مروج و مشروع ہے کہ ایک پیر مرد قریب ستر برس کی عمر کا کہ مرتبۂ خلافت و امامت
اپنی قوم کا رکھتا ہو ایک دختر صغیرہ چار سالہ کو بلا تزویج و بلا رضامندی اولیا اونکی زانو پر بٹھائی اور ساق پا کو برہنہ
کرکے دست بازی کرے یا آنکہ اولیا مثل اب وجد دختران صغیرہ کو بلا تزویج یا کراہ و مجبوری مردان
پیر کی خدمت مین بھیجدین کہ اگر وہ پسند کرین تو اپنی نکاح و تصرف مین لائین اور وہ پیران بے رضامندی
دختر و اولیا اونکا اوپر دست درازی کرین یا صرف فرقۂ سنیہ نے خاندان رسالت کیواسطے یہہ رسم و طریقہ
جائز ورا رکھی ہے ایا اہل سنت اپنی بیٹیونکی نسبت ایسا امر گوارا کرین گی۔ آری مقتضای محبت ثلاثہ یہی ہے
کہ کسی قسم کی تذلیل اہل بیت رسول کی باقی نرہے یہہ اہتمام صرف بنابر عیب پوشی خلیفہ ثانی کی ہے حالانکہ
اسمین زیادہ تر اونکی رسوائی و تفضیح ہوئی اور کفر و الحاد ثابت ہوا ــــہ

ذهب الحمار لیستفید لقنسہ		قرنا فاب ومالہ ۲ اذنان

اور عجب تر یہہ ہی کہ باوجود اس اہتمام نافرجام کی بہی ثبوت نکاح نہین ہوتا اولاً بشہادت صاحب تحفہ بوجہ
وفات ام کلثوم زوجۂ عمر قبل شہادت جناب امام حسین و حضور اختہا معہ فی الکربلا و بقاءوہا بعدہ کما کتبوا
کما یظہر عن تحریر الشہادتین باسبق مین ظاہر ہو چکا ہے و ثانیاً صغر سنی ام کلثوم کی اور کراہت حضرت امیر کی انکی
نکاح سے مجمع علیہ جملہ روایات ہے حالانکہ روایات معتبرہ سنیہ سے ثابت ہے کہ ام کلثوم بنت فاطمہ
عہد خلیفۂ ثانی مین بالغہ و رشیدہ تہین کیونکہ بتصریح اہل سیر و علماے فریقین ثابت ہے کہ جناب رسول خدا
اوائل سال یازدہم ہجری مین ۲۸ صفر یا عشرۂ اول ربیع الاول مین عازم ملک بقا ہوے اور جناب سیدہ
فاطمہ اوسوقت بہ محسن معصوم حامل تہین جو بشہادت و تصریح رواۃ ثقہ القین مثل جعفر بن محمد بن علی
مصنف توضیح الانوار اور مصنف میزان ذہبی و صاحب ملل و نحل ابن عبد ربہ ظلم و جور باعث انکی خلیفہ
ثانی محسن کش سے خام ساقط ہوکے شہید ہو گیا۔ پس لامحالہ ولادت ام کلثوم قبل از سنہ یازدہ ہجری

واقع ہوئے اور سنہ ہجری سے سنہ ۱۱ ہجری تک گیارہ برس ہوئے ۔ اور یہی تقریر صاحب سواقعت
کہ سنی مذہب ہی ظاہر ہے کہ ہنگام غصب فدک جبکہ جناب سیدہ نے پیش خلیفۂ اول سفیان دعوا کیا اور خلیفۂ
اول نے گواہ طلب کئے تو حسنین اور ام کلثوم نے گواہی دی پس اس سے بھی بلوغ ام کلثوم کا ثابت ہوا
اس صورت میں وقت استدعا کے عمر بن خطاب محسن کش کی عذر صغر سنی کا حضرت امیر نے کیونکر کیا
پس ان وجوہ سے مثل آفتاب نصف النہار کے روشن ہوا کہ ام کلثوم بنت فاطمہ کا نکاح کیا نوبت
استدعا کی بھی نہ پہونچی تھی بلکہ جس ام کلثوم کی عمر نے استدعا کی تھی درصورت صدق وہ کلثوم دوسری نسبت
راہب ہو گی کما سبق ذکرھا بروایت ابن داؤد اور وہی والدہ زید بن عمر ہے جو بشہادت صاحب تحفہ بروز
قتل زید فوت ہو گئی اور امام حسین نے اوسکی نماز جنازہ پڑھ کے تدفین کی یا ام کلثوم صغیرہ بنت ابوبکر بطن
اسما بنت عمیس سے ہو گی جو دختر ربیبۂ جناب امیر تھے اور وہ اوسوقت چار سالہ تھی اور بمقتضای اوقی
ملابست ربائب کا بھی بنات میں شمار ہے چنانچہ کتاب استیعاب اور کنز العمال اور ریاض النضرۃ میں کہ کتب
معتبرہ سنیہ سے ہیں موجود ہے خلاصہ یہ کہ ام کلثوم بنت عمیس کی بطن سے تھی اور اسی ام کلثوم
کی استدعا عمر کی عمر نے کی تھی چنانچہ حسب نقل بعض متکلمین بوارق محرقہ اور کتاب ہمۃ السعداء وغیرہ سے ظاہر
ہے وھذہ عبارۃ ہمۃ السعداء کہ ام کلثوم دختر ابوبکر بود و مادرش اسما بنت عمیس کہ اول زن جعفر طیار بود باز در نکاح ابوبکر
آمدہ ابوبکر پسر عبد الرحمن نام ویک دختر ام کلثوم نزائید بعد ازان در نکاح علی ابن ابی طالب درآمد ام کلثوم
ہمراہ مادر آمدہ عمر ابن خطاب با ام کلثوم دختر ابوبکر نکاح کردہ ۔ انتہی بالجملہ اسم کلثوم مسموعہ عنہا بنت ابی بکر از بطن
اسما بنت عمیس ربیبۂ حضرت امیر علیہ السلام تھی اور عہد عمر میں چار سالہ تھی اوسکی عمر نے استدعا کی تھی لیکن حضرت
امیر کو ربیبہ کا نکاح بمعیت اوسکی ناگوار تھا اور انکار تھی چنانچہ ماسبق میں بتصریحات ظاہر ہوا ۔ اور عبارت کتاب ناسخ
التواریخ سے جو مخاطب اثنا ذکر تا ہی سو کتاب ناسخ التواریخ موجود نہیں جو دیکھی جائے مع ہذا احتمال خیانت مخاطب باطل ہے
تا سیما لا اسعاف فقط ۔ قال ناہم مفید مخاطب و مضر شیعہ نہیں اسلئے کہ شدت غلظت عمری اور کراہت حضرت امیر اس سی صراحۃً ثابت
ہی فھم ذلک ھو علیکم لا علینا ۔ وکذلک روایۃ اول فروج غصبت منا فاما لم تثبت فی کتب الشیعۃ بل ہی من مفتریات اہل السنۃ ولو سلمت
فتدل صریحا علی عنف بیعۃ الفاروقیۃ واعتساف المعرتبۃ لا نصر للفرقۃ الناجیۃ الاثنا عشریۃ وثانیا دلالت اوسکی غصب مطلق فروج پر ہی

نہ فروج خاص اہل بیت پر اسلیئے کہ کلمہ منا کہ تعلق بہ غصبت ہی نہ فروج سے مشعر اس معنی پر ہے کہ وقوع غصب
بہ نسبت نفس متکلم ہوا نہ نسبت فروج خاص متکلم کے پس مفہوم اسکا یہہ ہے کہ اول فروج غصب کردہ شدہ از ما
ام کلثوم ہے مراد اس سے یہہ کہ وقوع اغتصاب بہ نسبت مطلق فروج ہوا نہ فرج خاص متکلم پر دوسری ازین ثبت
فالمراد منہا الربیبۃ کما سیاتی ذکرہا کیون کہ اگر ایسا ہوتا تو اول فرج ہا یا اول فروج منا غصبت ہوتا واین ہذا
من ذالک پس یہہ روایت درصورت صدق دلیل صریح ہے کہ مراد ام کلثوم سے دختر ربیبہ ہے اور اول فروج
سے وہی مراد ہے نہ کلثوم بنت علی کما ہو مزعوم النواصب علیہم عذاب واصب اور فقرہ کل سبب ونسب کا
جو اہلسنت عمر سے نقل کرتے ہین بہ آواز بلند اپنی موضوعیت پکارتا ہے اہلسنت کو بکذب و دروغ گوئی رسوا کرتا ہے
اسلیئے کہ علی زعمہم نسبت قرابت قریبہ عمر کو جناب رسالت مآب ص سے حاصل کہ حفصہ اوسکی بیٹی حضرت کی منکوحہ
تہی اور حضرت رسول اوسکے داماد تہے بلکہ یہہ سبب تو ایسا قوی تہا کہ بسبب اوسکی خلافت تک وصی برحق
داماد رسول کی اور دختر رسول کو میراث سے محروم کیا حتی کہ قبر بہی قریب قبر مبارک پیغمبر ص کی نہ پائی پس باوجود
اسکے کون محل تہا کہ حضرت عمر متمنی قرابت جدیدہ تہے اور واسطے تحصیل ایک امر حاصل کے استقدر کوہ کنی
کی سو غرض اس تدلیس و تمویہہ سے یہی ہے کہ بادی النظر حسن عقیدت عمر بہ نسبت حضرات اہل بیت خیر البشر
مفہوم ہو کے یہہ روایت مسلم سمجھی جاوے ولکن ع لن یصلح العطار ما افسد الدہر اس صورت مین ثبوت
ربیبہ بہی مشکل ہو گیا نہ کہ نکاح سیدہ معصومہ کہ وہ قبل اسکے عاسے خلیفہ ثانی حسب شہادت ابن ماجہ و ابن
داود مصنفین صحاح سنہ یا محمد پسر جعفر طیار مزوج تہین نہ کہ با عمر بن خطاب العیاذ باللہ این ذلک کہ
سیدۃ البریۃ این بنت الضیفۃ الحبشیۃ کجا گوہر صدف عصمت وطہارت و کجا خذف کوئی کفر و ضلالت کجا ختم
سبیل نجات و کرامت و کجا غول بیابان جہالت کجا ریحانہ بستان امامت و رسالت و کجا خار خارستان نفاق و رذالت
کجا گوشوارہ عرش برین و کجا شرارہ اسفل السافلین کجا نتیجہ طیبہ سید لوگ و کجا لقیط صحاک کجا مصحف
مجید و کجا زند ریز زردشت پلید این الدر من الحصی این الثریا من الثری - این الجہل من العلم - این النور من الحلم
این الجنۃ من النار - این الرحمۃ من قہر الجبار - این النور من الظلام - این الکفر من الاسلام ہل یستوی
الاعمی والبصیر ہل یستوی الخفاش والشمس المنیر ہل یستوی ہرون وہامان ہل یستوی ادم وشیطان

نبی فرعون و موسیٰ کلیم۔ ھل یستوی نمرود و ابراھیم۔ کلا بل ان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ مالھم بہ من علم الا اتباع الظن الایۃ۔ اما علمای فرقہ ناجیہ اثنا عشریہ پس واضح ہو کہ معظم علما سے شیعہ و محققین فرقہ ناجیہ اصلا قائل اسکے نہیں اور کوئی روایت معتمدہ اس بارہ میں وارد نہیں ہوئی چنانچہ شیخ مفید علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ خبر تزویج ام کلثوم با خلیفہ ثانی اصلا بپایہ ثبوت نہ پہنچی راوی اس روایت مجہولہ غیر معتبرہ کا زبیر بن بکار ہے کہ جملہ دشمنان امیر المومنین سے ہے اور باوجود عداوت نقل روایت میں نہایت اضطراب و اختلاف واقع ہے والاختلاف دلیل الافتراء اور کافی میں بھی روایت متضمن نکاح بہ روایت زبیر بکار مع تضعیف روایت منقول ہے اور موضوعات نواصب سے لکھا ہے چنانچہ ملاحظہ عبارت کافی حسب ترجمہ فارسی بعض اجلہ یہ ہے۔ زیرا کہ راوی آن زبیر بن بکار است کہ ناصبی و دشمن علیؑ بودہ است و در روایت ناصبی قابل اعتبار نیست این روایت را براے عداوت علیؑ وضع کردہ است و در روایت احادیث باختلاف مذہب متہم بودہ اند لیکن روایت ایشان کہ خلاف ما باشد مقبول نیست چنانچہ یاقوت حموی شافعی در مجمع البحار مینویسد و خود آن کس بیضے زبیر بکار در بیان این روایت متزلزل است متوکل ملعون او را در عہد خود قاضی مکہ کردہ بود۔ چنانچہ اسی تضعیف کا اشارہ جناب مرزا محمد صاحب نے شاید تزئین نار عشرہ میں کیا ہو جسکو مخاطب کہتا ہے میں نہ جانونگا کہ یہ وقت تحریر موجود نہ تہا جو دیکہا جاتا۔ اور جناب غفران مآب مجدد مأتہ اثنا عشریہ مروج شریعت حضرت خیر البشر آیۃ اللہ فی العالمین نے مواعظ حسنیہ میں دربارۂ طعن ہذا عجیب جواب متین و لطیف فرمایا کہ براے قطع اہل انکار مثل ذو الفقار جناب حیدر کرار ہے چشم بینا و گوش شنوا درکار ہے واما الخفاش فلا ینفعہ ضوء النہار اگر نقل کیا جاوے تو بہت طول ہو جاوے مقتضاے قصور فہم و بلادت مخاطب سے جو اوسکو نہ ماسے اور اقرار تسلیمی علماء فریقین کا از قبیل لو سلمنا یا لو فرضنا و امثال ذالک اقرار اصلی نہیں سمجہا جاتا جو اوسپر استناد کیا جاسے اور مورد طعن ہو جناب غفران مآب آیۃ اللہ فی العالمین نے بعد چشم پا ذالہ جو فرمایا۔ و بفرض محال اگر صحیح باشد پس میگویم کہ بناے نکاح بر اسلام ظاہری است کہ عبارت از شہادت و نماز کردن بطرف کعبہ است ہرچند افضل آنست کہ نکاح با کسے واقع شود کہ مومن باشد و مکروہ است ہرگاہ کہ ضال باشد لیکن ہرگاہ کہ ضرورت داعی باشد کراہت برطرف میشود و حال حضرت امیر المومنین چنین بود چہ مامون نبود از انیکہ در صورت عدم تزویج ہلاک نفوس و زوال عرض و آبرو شود و این تزویج حضرت امیر المومنین عجیب تر از قول لوط نیست چنان کہ حق تعالیٰ از زبان

لوط سے فرمایا ہے ھولاء بناتی ھن اطہر لکم الآیہ یعنی حضرت لوط بکفار خود خطاب فرمود کہ دختران من برائے شما بہتر اند بعقد خود
درآرید۔ و معلوم است کہ پیغمبر خدا دو دختر خود بدو کافر داد کہ آنہا بت پرست بودند یکے از آن عتبہ بن ابی لہب
دو دیگر ابو العاص بن الربیع بود انتہی محصلاً لہذا اس اقرار پر جو استدلال کیا جائے کمال نافہمی ہے۔ اور یہہ
جو مخاطب کہتا ہے کہ میں اوس جواب کو نہ مانونگا جو جناب مجتہد ولدار علی صاحب نے مواعظ حسنیہ میں تحریر
فرمایا ہے کہ حضرت امیر نے ایک زن جنیہ کو بشکل حضرت ام کلثوم اہل نجران سے طلب فرما کر بخوابہ حضرت
خلیفہ ثانی کی فرمائی بہلا حضور غور تو کریں کہ وہ نفس قدسی ایسے امر کی کب مرتکب ہوتے کہ جس میں معاذ اللہ حیلہ پایا
جاوے الی آخر ما قال اقول نقل کلام میں تاسیا السارق الصادق نوبت خیانت و سرقہ کیا ورنہ اگر پورا کلام متعلق
اس کا ملاحظہ کیا جائے تو اصلا موجب قباحت نہیں ہوتا اور بالضرور ماننا پڑے اگرچہ نقل تمام کلام جناب مجتہد علامہ
اٰیۃ اللہ فی الانام رحمۃ اللہ المنعام میں بہت تطویل ہے لہذا مختصر بنا بر رفع شک و اذعان و تنبیہہ مخاطب ذکر کرتا
ہون وہ یہ ہے کہ جوابیکہ بوجہ احسن قلع مادۂ اشکال کند و مقبول خواطر صاحبان عقل باشد این است کہ تکلیف
پیغمبران و اوصیائے آنہا مثل تکالیف دیگران نیست و ازین جاست کہ بعضے چیزہا مخصوص پیغمبر و اوصیای ایشان
است و اخبار بسیار وارد شدہ کہ جناب امیر و ائمہ معصومین در ہر بابے کہ بعمل آوردہ اند مامور بودہ اند و مطابق
آنچہ ایشان را امر کردہ اند بعمل می آورند و ہر گاہ چنین باشد ہر فعلیکہ از معصوم صادر شود آنرا ناشی از حق سبحانہ تعالیٰ
باید دانست و تکلیفات عامہ ناس را بران قیاس نباید فرمود اینہمہ گفتہ شد بنا بر ظاہر حال است الا از جہت باطن
و اسرار ائمہ پس بعید نیست کہ کلثوم در حقیقت بعقد خلیفہ ثانی نیامدہ باشد و بہ اعجاز امام ام کلثوم را بر خلیفہ ثانی
مشتبہ ساختہ باشد چنانچہ در باب کشتہ شدن عیسیٰ را۔ دلالت میکند بر آن آنچہ قطب راوندی باسناد خود از عمر بن
اذینہ روایت نمودہ کہ گفت عرض نمودم بحضرت صادق کہ مخالفین بر ما حجت می آرند و میگویند کہ چرا حضرت علی دختر
خود را بخلیفہ ثانی داد پس حضرت صادق علیہ السلام کہ تکیہ کردہ بودند درست نشستہ فرمودند آیا چنین حرف میگویند بدرستیکہ
قومی کہ چنین زعم می کنند لا یہتدون الی سواء السبیل سبحان اللہ حضرت امیر را این قدرت نبود کہ حائل شود میان
خلیفہ و دختر خود دروغ میگویند ہرگز چنین نبود الی آخرہ اب ہم پوچھتے ہیں کہ مشتبہ کرنا حضرت عیسیٰ کا قوم یہود پر
چنانچہ قرآن مجید ناطق ہے ما قتلوہ و ما صلبوہ لکن شبہ لہم الی قولہ تعالیٰ بل رفعہ اللہ الیہ کہ جانب حق سبحانہ تعالیٰ

سے ہوا کس محمل پر محمول کرنا ہوگا آیا اسمین بھی معاذ اللہ حیلہ و فریب پایا جاتا ہے غور کیجئے جناب امیرؑ کو بوجہ
ہجوم منافقین و معاندین خوف فتنہ و یقین ضرر تہا بہلا جناب الٰہی کو کس کا خوف تہا جو حضرت عیسیٰؑ کو مشتبہ کر دیا
اور ایک یہودی انکی شکل پر متشکل کیا آیا جناب الٰہی کو قدرت نہ تہی کہ حضرت عیسیٰؑ کو بعینہ بشکل اصلی زمین پر قائم
رکہتا اور یہود کو قوت اضرار نہ ہوتی جو علی زعومہم السنیۃ معاذ اللہ حیلہ و فریب کیا اور باعث چندین شرور و
مفاسد کا بین الیہود و النصاریٰ ہوا پس جو جواب اسکا جناب الٰہی کی طرف سے بیان ہوگا وہی جواب فرقہ
حقہ کا جانب جناب امیرؑ سے ہی فیما ہو جوابکم فہو جوابنا افسوس کہ فرقہ سنیہ کو محبت ثلثہؓ سیما محبت خلیفہ ثانی نے
بمقتضاے حبک الشیء یعمی و یصم ایسا اندہا و بہرہ کر دیا ہے کہ بپاس خلیفہ ثانی در پردہ خداے تعالیٰ و حضرات انبیا
پر طعن کرتے ہین اسلیئے کہ افعال انبیا و ائمہ طاہرینؑ کو عوام الناس کے افعال پر قیاس کرتے ہین حالانکہ حدیث
صحیح مین وارد ہے نحن اہل البیت لا یقاس بنا احد فی الواقع اگر بغور دیکہا جاوے تو ظاہر ہو کہ بعض افعال
جو نسبت سائر ناس حرام و ناجائز ہین وہ بہ نسبت انبیا محمود دیکہے گئے مثل قتل نفس زکیہ یا تضییع مال یتیم یا رضا
بقتل نفس خود کہ یقیناً بدلیل عقل و نقل حرام و ناجائز ہے حالانکہ یہ امور ظاہر حضرت خضرؑ سے بمصاحبت حضرت
موسیٰ صادر ہوئی تہے کہ حضرت موسیٰ نے بکمال خشم لقد جئت شیئاً نکراً بہی فرمایا کما فی سورۃ الکہف و رضا بقتل
نفس حضرت اسمٰعیل سے ہوئی کما یخبر عنہ قولہ تعالیٰ یا ابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء اللہ من الصابرین اور
حضرت یوسفؑ نے برادر حقیقی اپنے بن یامین کو اخوان علاتی سے لیا تو کس تدبیر سے لیا جسکی تصریح سورۂ یوسف مین
ملاحظہ طلب ہے اول پیمانہ اسباب مین رکہوا دیا کما یدل علیہ فلما جہزہم بجہازہم جعل السقایۃ فی رحل اخیہ پہر
بعد اسکے منسوب بسرقہ کیا کما یشعر بہ ثم اذن مؤذن ایتہا العیر انکم لسارقون پہر جب اخوان نے کہا فخذ احدنا
مکانہ جواب مین حضرت یوسفؑ نے فرمایا معاذ اللہ ان نأخذ الا من وجدنا متاعنا عندہ الی قولہ تعالیٰ کذلک کدنا
لیوسف الآیۃ ہکذا قولہ تعالیٰ عن لسان ابراہیم عند مطالبۃ القوم بل فعلہ کبیرہم الآیہ حالانکہ یہ جملہ کرام عموماً
و خصوصاً انبیاے ذوی احترام قطعاً معصوم ہین و جملہ افعال اونکے محمود و بہ الہام جناب الٰہی تہے فانہم الانبیاء
الابرار و المصطفون الاخیار و الحق انہم کذلک و منکرہم من الکفار پس آپ مخاطب مشکک کو مناسب ہے کہ ان امجاد
اہل عصمت کو جو معصوم من اللہ ہین معاذ اللہ مکار و حیلہ گر سمجہے اور جملہ مطاعن جو در بارہ روایات صلحیہ حضرت امیرؑ

کی نسبت تحریر کیئے اِن حضرات طیبات کی نسبت مین عیاذًا باللہ وار دہبی ورنہ ان افعال کو بہ الہام الٰہی جانکے تصدیق اور تاویل نیک کرے اس صورت مین جناب امیر کا یہ فعل بہی برفرض ثبوت بالہام جناب الٰہی سمجھکر محمل نیک پر محمول کرے لانہ فخر النبیین وسید الوصیین وامام المتقین ونفس خیر المرسلین وولی رب العالمین اور چار و ناچار روایت تشکل جنیہ کی تسلیم کرے اور مانے ورنہ کفر کا اقرار کرے لان العلۃ فیما بینھم مشترکۃ فیجب تاویل فعلہ کما یجب تاویل افعالھم علیہم السلام ولکن الذین فی قلوبھم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم اب اگر مخاطب تاسیا للاسلاف نہ مانے تو فرقہ ناجیہ کا کیا ضرر و نقصان خود کا فر ہوا جاتا ہے ومن نکث فانما ینکث علی نفسہ ؎

شادم کہ از رقیبان دامن کشان گذشتی
گو مشت خاک ما ہم بر باد رفتہ باشد

اور طعن و طنز بہ نسبت کلام صدق نظام صاحب استقصاء الافحام مقتضای نافہمی و بلادت مخاطب و عجز عن الجواب ہے اسلیئے کہ حدیث حوض جسمین لفظ اصحابی ہے متواترات سنیہ سے ہی اور صحیحین مین بطرق متکثرہ مروی ہے برفرض تسلیم اگر اصحاب ثلثہ کما ذھب الیہ الشیعۃ مراد ہون تو غالبًا حسب مذہب سنیہ ضرور کوئی اوسکا مصداق ہوگا ورنہ لا اقل وہ مصادیق منافق جنہی بہی ہون والا لازم الکذب پس اس صورت مین بہی قباحت حسب فہم مخاطب سنیون پر عاید ہوتی ہے جو وہ لکہتا ہی کہ رسول خدا کی آئین مزاحت پائی جاتی ہے کہ کافر کو اصحابی کہا الی آخرہا قال فانقلب الطعن علی نفسہ اور باعتبار معنی لغوی و عرف عام تو اطلاق صاحب واصحاب بہ نسبت کفار کے بہی ثابت ہی کما فی قولہ تعالی اولم یتفکروا ما بصاحبھم من جنۃ ۔ وایضًا قال لہ صاحبہ وھو یحاورہ الآیۃ فہم لا علیہم کہ ھم بحسب الظاہر من المسلمین وان کانوا من المنافقین ومعہذا منافقان مدینہ مثل ابن ابی سلول وغیرہ پر جنکا کفر و نفاق متفق علیہ ہے اطلاق اصحاب کا مروّج تہا ولو مجازًا ۔ اور کتاب مستطاب استقصاء الافحام عجب کتاب متین ہی اور عجب تحقیق لطیف و تفصیل منیف پر مشتمل ہے خصوص اس مقام کو مصنف علام سلمہ اللہ المنعام نے عجب تحقیق و تفصیل سے تحریر فرمایا ہے کہ غالبًا کسی کتاب مین اس تفصیل سے نہو اگر مخاطب اسکو بہ عین انصاف دیکہتا اور کچہ مادہ فہم رکہتا تو ایسی طعن نہ کرتا بلکہ حق اوس پر واضح ہو جاتا اور تمامی اسلاف سنیہ کی حقیقت اوس پر کہل جاتی یہ اسنکا اوسکا مقتضای نافہمی ہے ۔ اور طعن مخاطب کی نسبت وجیزہ جناب سبحان علیخان مرحوم کہ رسول خدا کی خلافت سیاہ اوس کی اعانۃ باندہ کا

ہوا الی اخرما قال دلیل صریح ہے اوپر نافہمی اور عجز جواب کے وہ نہیں سمجھتا ہی کہ فرقہ ناجیہ خلافت ثلثہ کو خلافت رسول کب جانتے ہیں تعلقہ بانڈہ کا تو اُس سے بہتر ہوگا کہ وہمین حقدار متصرف ہونگے اور صاحب تعلقہ کی اولاد کی عزت وحرمت پر لحاظ ہوگا یہ خلافت تو ایسی تہی کہ جسمین اولاد رسول کی تذلیل واذیت مباح سمجھی جاتی تہی اور بنت رسول کی حق تلفی ہوتی تہی۔ دروازہ گرایا جاتا تہا۔ خانہ اہل بیت رسول پہونکا جاتا تہا۔ کتاب خدا جلائی جاتی تہی۔ اصحاب واصدقائے حضرت رسول مثل حضرت ابی ذر غفاری کا اخراج بلد ہوتا تہا۔ اور عبداللہ ابن مسعود وعمار یاسر کی زد وکوب ہوتی تہی۔ سفاک اور زانیون کو سیف اللہ کا خطاب ہوتا تہا۔ نفس رسول پر انواع جور وظلم تہے۔ احکام منصوصہ قرآنی واحادیث رسول یزدانی مین تغیر وتبدل کیا جاتا تہا۔ کیون صاحبو یہی خلافت رسول تہی حق تو یہ ہی کہ بعد انتقال جناب رسول زمانہ غدر البتہ تہا اور طائف الملوکی تہی کوئی الائمۃ من قریش سے متمسک تہا مع کون العلی فیہم افضل القریش ومنصوص الخلافۃ اور کوئی کہتا تہا منا امیر ومنکم امیر اور کوئی اجماع مین گہستا تہا وان لم ینعقد باقرارہم الی ستۃ اشہر اور کوئی بیعت کو دستاویز کرتا تہا وان کانت بقول العمر فلتۃ اور کوئی کسی وقت متنبہ ہو کے بکر و یا اقیلونی اقیلونی پکارتا تہا۔ پس ایسے زمانہ پر آشوب کو زمانہ خلافت رسول قرار دینا کار اہل سنت ہی جناب خانصاحب نے تو کمال حفظ مراتب کیا کچہہ نہین لکہا۔ ارے رسول خدا کی خلافت اُس زمانہ مین البتہ تہی جب بمقتضای قد رجع الحق علی مکانہ وصی الحق امام مطلق جناب امیر پر کہ جو بمصداق آیہ کریمہ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ اور آیہ کریمہ انما ولیکم اللہ ورسولہ الایہ وحدیث صحیح من کنت مولاہ فعلی مولاہ وحدیث منزلت یا علی انت منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ خلیفہ بلافصل وبمقتضای حدیث صحیح علی مع الحق والحق مع العلی امام برحق تہے منتقل ہوئے اُس زمانہ کی نسبت اگر خانصاحب کچہہ لکہتے تو البتہ محل طعن تہا زمانہ خلافت خلفائے غادرین کو خلافت حقہ پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہی ؎ کجا حیدر کجا آن ہر سہ ناپاک + چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔

اور مقام تعجب ہے کہ تقریر جناب خان مرحوم پر مخاطب اسقدر برہم ہوا حالانکہ حفظ مراتب سے خالی نہین حضرت ام الصبیان محاربہ مومنان عایشہ مجتہدہ سنیان پر نہین برہم ہوتا کہ جسنے خلافت رسول مین کسقدر فتنہ وفساد برپا کیا اور باوجود حکم حکم الہی وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن تبرج الجاہلیۃ اونٹ پر سوار ہو کر بمقابلہ وصی برحق رسول میدان جنگ مین تشریف لائین اور ہزارہا مسلمین کی باعث قتل ہوئین مع کون محاربہ کفرہ اور خلیفہ ثالث سنیان یعنی عثمان پر صراحۃً لعن کرتی

تہین اور قتل کی ترغیب فرمائی تہین کما روی فی صحیح البخاری من عایشة انها انکرت علیه حرق المصاحف وقالت
انما حراق المصاحف ــ وقال عبد البر فی الاستیعاب قالت عایشة حق عثمان لعن الله نعثلاً قتل الله نعثلاً ایا بیر
خلافت رسول نہ تہی۔ وجناب امیرؑ نے بنا بر قول مخاطب (باوجود التماس عباسؓ در بارہ عزل معاویہؓ مطلعاً ایک
نفس کا گوارا نہ فرمایا) انتہی آیا مطلقاً شش ماہ در بارہ توقف بیعت ابوبکرؓ کیونکر گوارا فرمایا اگر ابوبکرؓ خلیفہ ہوتے مثل
جناب امیرؑ کے مع کونہ مع الحق والحق معہ کیون اسقدر تامل فرمایا اور پہر بیعت کی تو بشہادت صحیح بخاری فاضطر
الی البیعة بمجبوری کی۔ اور طرفہ یہ ہی کہ خلافت ایک طرف پیشوایان مخالفت رسالت مین جرح کرتے تہے چنانچہ
بسبب کہ ظاہر مین غایت مناکحت ہی بموجب اقرار شیخ فانی اور نیز بسبب صغیرہ ہونے معصومہ کے ممتنع الوجود یقینی تہا اور
باعتبار ظاہر کے بھی اور باعتبار باطن کے از روی علم باطنی کے بھی حضرت ولی پر ہویدا تہا اور مظہر اسلام بظاہر اسلام
مقر رسالت و شرایع رسول انام سے قطع نظر ایسے کے بھی مناکحت ممنوع شرعی نہین تہی لیکن باعتبار ظاہر حال بنظر خواص عوام
البتہ کمال انتہاک حرمت ولی خدا ظاہر کرا ایک ستمگر بیٹی ایسی صغیرہ کا با وصف دامادی اور ابن عمی رسول اور
ملقب ہونے ساتھ نفس رسول کے اور خیبر گیر اور غالب کل غالب ہونیکے اور مخاطب بہ لافتی الا علی لا سیف الا
ذوالفقار ہونیکے ایک شیخ فانی سے نکاح کرنا اور باوجود در پیشی استمرار اختلال و تکرار کے ایسے سید عرب و عجم امیر المومنین
کہ اس لقب کے خود صدیق اور فاروق و صدیقہ تو اسوقت تک گواہ ہین لوگونکی نظر مین ایک شیخ مسلم ظاہری سے
مغلوب دکھلائی دین اور مجبور دکھلا دین حتی کہ بیٹی حوالہ کردین کہ نفس سرکش ہر گز بشر کا با وصف ظہور علت اباحت شرعی
کے اس تہتک کو نہین گوارا کرسکتا سوای انبیاء اور اوصیا کے کہ با وصف عطاء قوت و معجزہ صبر و تحمل بھی ایسا ہی
انکو عطا ہی کہ یہ استعداد اور حوصلہ کسی اور بشر کو نہین حاصل کہ نفس پر اتنا غالب ہوسکے کہ انتہاے مرتبہ اور غایت کمال
ہی غالب کل غالب ہونیکا - اس مقام پر جو تحریر صاحب آیات بینات نے لکہی ہی قابل ملاحظہ ہی انصاف کی نظر سے
دیکھئے گا - اے مسلمانو کہان ہو کس نیند مین سوئے ہو ذرا ہوش مین آؤ اور اوٹھکر بیٹھو اس بچہ نادان مولف
سیف صارم اور اسکے پیران نابالغ یعنی مجتہدین علماء کی عقل و حیا پہ نوحہ کرو انکی ایمان و انصاف کے جانی پر مرثیہ پڑہو انکی
حال زار پر رحم کرو دیکھو کیسی عقل و حیا انکی جاتی رہی ہی کہ عیب کو ہنر کرکے دکہلاتے ہین اور پردہ مین محبت اہل بیت

کی انکی شان مین کیا کچھہ بکتے ہین جنکے سُننے سے بدن پر رعشہ عبس پر خیال کرنے سے دلکو لرزہ ہوتا ہی خیال کرو کہ ننہ غیرتی
کو اُن حضرات عالی درجات پر جنکی شان مین آیہ تطہیر نازل ہوئی جنکی عصمت و عفت پر پاکی نے قسم کھائی انکی نسبت
کیا کیا کہتے ہین لے بہائیو صبر اسی کا نام ہی کہ ایک منافق بیٹی کو غصب کرے اور بجبر و اکراہ نکاح ناجائز کرا لے اور
حضرات علیہم السلام بیٹھے بیٹھے دیکھا کرین اور سوائے سکوت کی زبان سے ہی کچھہ نہ فرمائین اور با وصف عطائے قوت
معجزہ و کرامات کے صبر و تحمل کو کام فرماوین خدا کی قسم ہی کہ مین تعصب کو دخل نہین دیتا اپنے مذہب پر خیال نہین کرتا
بلکہ صرف عقل و حیا سے پوچھتا ہون کہ جسکا نام حضرات شیعہ نے صبر رکھا ہی اور جس حالت کو صبر و تحمل سے تعبیر فرمایا ہی
حقیقت مین وہ صبر و تحمل ہی یا اوسکی اور کچھہ حقیقت ہی میری سمجھہ مین تو یہی آتا ہی کہ اونھون نے وقاحت اور بیعزتی
کا نام صبر و تحمل رکھا ہی اور محبت کی حیلہ سے اہل بیت اطہار کو ذلیل کیا ہی نعوذ باللہ یہ کیا خرافات ہی جو شیعہ لکہتے ہین
ابہی کسی ادنی آدمی عامی کے گہر جاکر کوئی شخص گو کہ وہ شجاعت مین بینظیر اور قوت مین لاثانی اور مال و دولت مین
لاجواب ہو اُسکی بیٹی سے بجبر و اکراہ نکاح کرنے کا قصد کرے پہر تماشہ دیکھئے کہ وہ عامی چُپ چاپ رہتا ہی یا اپنی جان عزت
پر قربان کرتا ہی معلوم نہین کہ حضرات شیعہ نے امیر المومنین یعسوب الدین صاحب ذوالفقار جد ائمہ اطہار کی غیرت و حمیت
اور شجاعت کو ایک دنی آدمی کے برابر بہی خیال نہین کیا اور وقاحت کو بنام صبر و تحمل کے قرار دیا ہی اور طرفہ ماجرا
یہ ہی کہ ایسی وقاحت کی باتین انکی طرف منسوب کرنا چاہتے ہین اور ایسے الزام انکو دئے جاتے ہین اور پہر بہی اونکو
غالب کل غالب مطلوب کل طالب امیر البررہ قاتل الکفرۃ الفجرہ سید الابرار مخاطب بہ لافتیٰ الا علی لا سیف الا
ذوالفقار کہتے جاتے ہین نہ خدا سے شرماتے ہین نہ رسول خدا کا لحاظ کرتے ہین حقیقت مین دین و ایمان کو حضرات شیعہ
نے بگاڑا اور شریعت محمدی کو اونھون نے درہم و برہم کیا اور شیطان کا نام بدنام ہوا یہ باتین شیطان کے دادا کو
بہی نہ سوجہی ہونگی جو ان حضرات کو سوجہی ہین ؎ کار زلف تست مشک افشانی اما عاشقان + مصلحت را تہمتی بر آہوی چین بستہ اند
انتہی - اب آپ انصاف کی نظر سے دیکہین اور مذہب کی طرفداری نہ فرمائین اس عبارت سیف صارم سے نکاح ہونیکا
اقرار پایا جاتا ہی یا انکار اور کیا غضب کی بات ہی کہ علماء جناب کے حضرت خلیفہ ثانی کو ساتھ الفاظ (مظہر الاسلام نظام
مقرر رسالت و شرائع رسول انام و اہل بیت کرام کا ہی لکہین میری سمجھہ مین نہین آتا کہ جناب مجتہدین نے شریعت سول انام
کو یہان متی کا تماشہ بنایا ہی کہ کبہی درخت بناکر دکھلا دیا اور کبہی گٹھلی کبہی تو علماء جناب کے اسلام خلفا کا قبل ارتحال

حضرت رسول فرماتے ہین جیسا کہ عنوان مین اس رسالہ کے عبارت صاحب استقصار سے کہ جسکے علما ذوفضل کے جناب
مقر ہین عرض کر چکا ہون واسطے نشاط جناب کے مکرر عرض کرتا ہون۔ آیہ امامت نواصب و خوارج راہی جناب خلیفہ
بالتحقیق حضرت عتیق مسلم و در ارتداد شان حرفی نیست لیکن سنداین امامت را بعد ارتحال جناب رسالت مآب بنت اُو
و در زمان نکاح اسما جامہ اسلام را از بر کشیدہ و در عداوت اہل بیت نبوی بر ملا نکوشیدہ و تلخی ازرگہ خصومت لداد
علانیہ دران زمان نگردیدہ۔ اور مقدمہ نکاح حضرت ام کلثوم مین کہ جو بعد ارتحال رسول کے واقع ہوا تب ہی مظہر الاسلام
ابطاہر مقر رسالت شرایع رسول انام۔ جانتی ہین ؎ سمجھہ ہی مین نہین آتی ہے کوئی بات ذوق اوس کی۔
کوئی سمجھے تو کیا سمجھے کوئی جانے تو کیا جانے۔ وُورکیون جا ئے جناب ہی اپنے رسالہ مین خود تحریر فرماتے ہین۔ کہ
جسمین اولاد رسول کی تذلیل اور اذیت مباح سمجھی جاتی تہی اور ذریت رسول کی حق تلفی ہوتی تہی دروازہ گرایا جاتا
تہا خانہ اہل بیت رسول پر نکالا جاتا تہا کتاب خدا جلائی جاتی تہی۔ واسطے خدا کے آپ اپنی تحریر کو دیکھین کہ جو شخص اولاد
رسول کو ذلیل کرے اور جو شخص اولاد رسول کی حق تلفی کرے اور جو شخص دروازہ حضرت سیدہ پر گرادے اور جو شخص کتاب
خدا کی جلاوے وہ شخص بیٹی حضرت امیر المومنین کی بیاہ لے اور حضرت امیر ایسے شخص کے ساتھ اپنی بیٹی کا نکاح کر دین حیرت ہو
بجو شی خواہ بجبر کما مر ذکرہ بخدا ان تحریرات کی دیکھنے سے طبیعت ہاتھ سے جاتی ہے اور یہ دلمین آتا ہے کہ علما حضرات شیعہ
کی نسبت کچھہ لکھون تا کہ جناب کے دل پر چوٹ لگے بفحوای شعر مشہور ؎ جراحات السنان لھا التیام + ولا یلتام ما جرح اللسان
الا اس شرط سے مجبور رہون کچھہ لکھہ نہین سکتا ؎ منشی قلم کو روک ادب کا ہے یہ مقام + آگے نہین تو نیک ہے بس ہی کا افشار راز ہے
باقی جواب نمبر ابن بکار کا جیسا کہ آپ تحریر فرماتے ہین۔ اور کافی مین بہی روایت متضمن نکاح بروایت زبیر بکار معہ تضعیف
روایت منقول ہے الی اخرما قلتم چنانچہ اسی تضعیف کا اشارہ جناب مرزا محمد صاحب نے شاید نہم اثنا عشریہ مین کیا ہو جس کو
مخاطب کہتا ہی مین نہ مانونگا نہم وقت تحریر موجود نہ تہا جو دیکھا جاتا۔ یہ تحریر جناب کی دلیل اوپر عدم تصفح کتب کے ہے اول
یہ حدیث کافی کلینی مین جسکو حضرات شیعہ اصح الکتب لکھتی ہین انہین الفاظ سے حضرت امام صادق سے مروی ہے اور دلیل
صحت کلینی پر تحریر مجتہد دلدار علی صاحب کہ جسکو صوارم یا حسام مین لکھا ہے عرض کرتا ہون در کتاب کلینی کہ در مذہب امامیہ
بہتر و معتمد از ان کتاب نیست و اگر مذہب اثنا عشری حق است آن کتاب حق است انتہی بلفظہ اور مواعظ حسنیہ مین سا تہہ
ان الفاظ کے فرماتے ہین۔ کتاب کافی کہ مذہب شیعہ کتابے معتمد تر از ان نیست۔ تو ایسی کتاب کی روایت کو کون شیعہ

نہ مانیگا دوسرے قاضی صاحب نے مصائب النواصب مین اس حدیث کو چند جگہ جہان بحث فاروق اور ام کلثوم کی ہی لکہا ہی ترجمہ اُسکا ازالۃ الغین سے عرض کرتا ہون۔ اما خامسًا بواسطہ آنکہ قول امام صادق علیہ السلام کہ این اول فرجیست کہ غصب کردہ شد از ما مستلزم وقوع زنا نیست۔ اور پہر اسی بحث مین صاحب قول استغاثہ کو نقل کرکے اسطرح فرماتے ہین۔ خبر دادہ اند ما را جماعتی از مشائخ ثقات ما از ایشان جعفر ابن محمد ابن ملک کوفی است از احمد بن فضل از محمد بن ابی عمیر از عبد اللہ ابن سنان گفت سوال کردم جعفر ابن محمد صادق را علیہ السلام از تزویج عمر از ام کلثوم پس گفت این اول فرجیست کہ غصب کردہ شد از ما۔ اور جہان جناب امیر علیہ السلام کے صبر اور تحمل کا ذکر ہی اُس جگہ فرماتے ہین چون عمر خواستگاری ام کلثوم نمود الی آخرہ کما مرّ ذکرہ تیسرے خود مجتہد صاحب مواعظ حسنیہ مین فرماتے ہین در باب عقد حضرت ام کلثوم اختلاف شدہ صاحب اعلام الوری گفتہ کہ ام کلثوم پس او را خلیفہ ثانی در عقد خود آورد و اصحاب ما ذکر کردہ اند کہ این نکاح واقع شدہ است مگر بعد مدافعت بسیار و امتناع شدید تا این کہ حضرت امیر ملجا شدند و ام حضرت کلثوم را تفویض کردند بعم خود حضرت عباس ام کلثوم را بہ خلیفہ ثانی تزویج نمودند انتہی بلفظہ چوتہے مولانا حیدر علی صاحب معارضہ مین صاحب تزہر کے ازالۃ الغین مین لکہتے ہین تضعیف این روایت از عجائب توہمات است زیرا کہ این حدیث از حضرت امام صادق المصدوق رضی اللہ عنہ خود در کتاب کافی کلینی کہ اصح الکتاب شان است مروی است و ہم در اسفار معتبرہ دیگر از تصانیف مجلسی و سبزواری و ماخذ ایشان بطرق متکثرہ محکی و علمای امامیہ مضمون آنرا در وصایای الٰہی و حضرت رسالت پناہی کہ بہ جناب امیر القا فرمودہ بودند در مقام اعتذار از جناب شان آوردہ گفتہ اند کہ از این جہت امیر المومنین بر غصب فلان سکوت ورزیدند و گردن مخالفت خلیفہ ثانی و قتل و قتال او دیگر دیدند و ہتک ناموس قبول نمودند پس چنین احادیث محمول بر جہل یا تجاہل خواہد بود تا عوام بدانند کہ این الفاظ در طرق امامیہ بدرجہ صحت و ثبوت نرسیدہ و اہل سنت کہ انتساب آن مصدر تہمت و افترا میشوند نعوذ باللہ من ذلک اس عبارت ازالۃ الغین سے تصدیق عبارت قاضی صاحب و صاحب کافی کلینی و شیخ مفید وغیرہ کی ہوتی ہی اور وصیت نامہ کو جو قریب وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے جبرئیل امین ساتہہ فرشتگان رب العالمین رسول مقبول کو لائے تہے حیات القلوب ملا محمد باقر مجلسی کی موجود ہی بسبب طوالت کی نہین لکہتا مختصر بعد عہد و پیمان حضرت امیر و سیدہ و ائمین علیہم الصلوٰۃ والسلام تو صاحب لکہتے ہین کہ شنیدم یعنی جناب امیر از جبرئیل کہ میگفت یا رسول خدا کہ یا محمد اعلام کن او را کہ ہتک حرمت تو

خواہند کرد۔ بعد تھوڑے فاصلہ کے فرماتے ہین۔ پس حضرت امیر المومنین فرمود کہ چون این کلمہ را شنیدم از حضرت
جبرئیل امین بیہوش شدم و بر روی افتادم و گفتم کہ بلے قبول کردم و راضی شدم ہر چند ہتک حرمت من کنند۔ بعد
اسکے حضرت امام موسی رضا علیہ السلام کی زبان سے ملا صاحب لکھتے ہین حضرت فرمود بیلے والدم جمیع انچہ کردند کہ
دران نوشتہ بود اب آپ زبیر بن بکّار کی روایت کو کہ ناصبی تھا یا خارجی یا شیعی مت مانئیے اقوال قاضی صاحب اور
ملّا صاحب اور مجتہد صاحب کہ شیعہ حیدر کرار ہین اور ارشاد جناب معصوم کا جو ساتھ قسم شرعی کے ہے قبول فرمائیے مجکو
معلوم ہوتا ہے کہ جناب کو تحریر مباحثہ کا کبھی اتفاق نہین ہوا مشق اول ہے جیسا کہ عنوان تحریر مین آپ (ہر چند کہ خفیف
را چندین لیاقت درین فن حاصل نیست بلکہ در جمیع فنون قصیر الباع است) فرماتے ہین ہمنے ہمکو کسر نفس کا سمجھا ہوا
تھا اس بیان سے جناب کے معلوم ہوا کہ واقعی جناب کو اس فن مین مہارت اور واقفیت نہین ہے اگر کتاب لب لقاب
حضور کے پاس نہوتی تو آپ اسقدر بھی نہ لکھتے کسواسطے کہ جہان لب لقاب کی عبارت سے زیادہ کچھ تمین جناب نے لکھی
ہین ہین انکو بہت بڑا دھوکا ہو گیا ہے اور تحریر مین جناب کے تشنگی ہو گئی ہے آپ ایک ہی حدیث غصب پر مضطر
ہو گئے بے مبالغہ عرض کرتا ہون صدہا اور ہزارہا روایتین اور حدیثین اس سے زیادہ اشنع و افظع کتب حضرات شیعہ
مین موجود ہین سہ نالے دو چار سناؤن تمہین لے ہیلیے + نہ سنے ہون کبھی تم نے لبنے سی ایسے۔ ذرا ایک
روایت بطور نمونہ کے عرض کرتا ہون معاذ اللہ حضرت عباس عم خیر الناس صلوۃ اللہ علیہ وسلامہ کی حقمین عدم طیب
ولادت کی روایت زبان امام حاشا عن جنابہ ملا مجلسی حیات القلوب مین فرماتے ہین کہ ابو جعفر طوسی بسند معتبر
روایت کردہ از امام صادق ع کہ نفیلہ مادر عباس کنیز مادر زبیر و ابو طالب و عبد اللہ ابنای عبد المطلب بود و عبد المطلب
با او مقاربت کرد کہ عباس از ان بہم رسید زبیر با عبد المطلب دعوی کرد و بہ پرخاش برآمد کہ این کنیز از مادر بما میراث
رسیدہ است تو بے رخصت او با او مقاربت کردی و این فرزند کہ بہم رسید یعنی عباس بندۂ ماست پس عبد المطلب
اکابر قریش را بشفاعت نزد وے فرستاد کہ تا آنکہ زبیر راضی شد کہ دست از عباس بردارد و بشرطیکہ نامہ نوشتہ شود
کہ عباس و فرزندانش در مجلسی کہ ما و فرزندان ما نشستہ باشند ننشیند و در ہیچ امرے با ما شریک نشود و حصہ نبرد پس
باین مضمون نامہ نوشتہ شد و اکابر قریش مہر کردند و این نامہ نزد ائمہ علیہم السلام بود و باقی روایات نگار و بندی انگشتری
و درانگشتی و تکلکوبی و محسن کشتی کی انکی کتب معتبرہ مذہبی مین ایسے مشہور اور معروف ہین کہ خود جناب نے بھی بعض کا

اعتراف کیا ہی۔ کیا غصب کی روایت سے یہ روایتیں آپکی نزدیک درجہ اور رتبہ مین کم ہین۔ کیا ان غلط اور بی اصل
روایتیون سے ہتک حرمت خاندان رسول کی آپکے نزدیک نہین ہوتی ہی زیادہ کہان تک عرض کرون کہ ادب
مانع ہی ورنہ بقول مرزا غالب مرحوم سہ پہ ہو گمین شکوے یون آگ سے جیسے باجا + اک ذرا چھیڑئے پھر دیکھئے کیا ہوتا ہی۔
باقی جواب مواعظ حسنیہ کا جو جناب کے نزدیک بہت شگرف او متین ہی یہ اعتراض کہ جو سابق عرض کر چکا ہون ایسا نہین
کہ جناب اسکو دفع کرین ہر ملحد او زندیق اس قسم کا جواب بہ نسبت اپنے اکابر کے دیسکتا ہی اپنے گھر مین ایک شخص کا
نام سلطان ہفت اقلیم اور نواب ہفت کشور رکھہ سکتا ہی اس کہنے سی کیا ہوتا ہی جبتک مقبول خلایق نہو وہ قابل اعتبار
نہین ہو سکتا جب بقول مجتہد صاحب جناب امیر کے سب اقوال و افعال نص الہی تھے اور ہر دم آپکو ہر بات کا اختیار
تھا توکیون نہین وقت احراق بیت فاطمی یا گلو بندی یا محسن کشی کو ایک معجزہ مثل جنبیہ نجران کے ظاہر کیا کہ یہ سب صدمات
اسیر ہوتے یا یہ سبب تھا کہ حضرت سیدہ بیٹی رسول کی تھین اور حضرت ام کلثوم بیٹی اپنی بقول کسی شاعر کے مصرع
رشتہ دیگر رگ جگر دگر است — لایق اس مقام کے ایک مقولہ مولوی حیدر علی صاحب کا یاد آیا عرض کرتا ہون۔ اگر این
قطب امامیہ در سانحہ سقط شدن محسن و زدن تازیانہ بر جناب سیدہ معاذ اللہ نیز این قسم حکایات را از زبان خویش یا
قدماے خود بر می آورد و میگفت کہ ہرگز جناب سیدہ لگدکوب نشدہ بودند و این صدمہا بران جنبیہ رسیدہ و این ہمہ اعجاز
مرتضوی بود کہ یکی از جنبیہ بصورت فاطمی متمثل گردیدہ ہرگز ندمے کہ رسید باو رسید در روز سوختن خانہ ہم طلسمے از خم غدیر
برآوردہ بودند کہ در نگاہ ناظرین حرق بیت نمودار می شد و در نفس الامر آسیبے نرسید طوق ولایت و اعتقاد قطبیت او
را بگردن خود می انداختم و بیقین میدانستم کہ این شخص از زمرہ حضرات رفضہ بولاے اہل بیت مصطفوی منتفی است کہ
این فواحش والواث را بسوی اہل بیت و سلالۂ ایشان یعنی جناب امیر کہ بر اصول شیعہ نہ عصمت آنجناب باقی میماند و نہ
عدالت بلکہ حرفے در دین و ایمان میرود باز میگرداند و این حضرات را از این امور ناشایستہ پاک و پاکیزہ اعتقاد می نماید پس
نقصانی کہ در ولایت و قطبیت این قطب الاقطاب است ہمین است کہ دم ندارد چنانچہ گفتہ اند کہ چون زن رام معبود
ہندوان را یکے از عشاق ربود و قوم او بدیدنش آمدند و فریفتہ جمال او شدند صاحب دلی گفت کہ در حسن و جمالش سخنی نیست
مگر افسوس کہ دم ندارد اگر بالفرض بقول مجتہد صاحب آپکو مانا ہی جاے کہ ہر فعلیکہ از معصوم صادر شود آنرا ناشی از حق
سبحانہ باید دانست۔ توسنیون بیچارون نے کیا قصور کیا ہی جو اپنے خلفاء راشدین کے فعل کو منصوص من اللہ اور

ناشی از حق سبحانہ تعالی نہ سمجھیں کہ جنکی شان میں خطاب مستطاب یون وارد ہی اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم پس بقول حضرات شیعہ رسن بندی و محسن کشی و درانگی و غصب خلافت وغیرہ یہ سب ناشی از حق سبحانہ تعالی باید دانست باقی رہا مفہوم معصوم وہ آپکی کتابون سے مفقود ہی کما لا یخفی علی من تتبع اسفارکم تو آپکے علماء جسقدر ذلیل و ناشایستہ باتین اپنی کتابون مین لکھتے ہین اور منسوب طرف ائمہ معصومین کی کرتے ہین وہ سب باتین منصوص الہی ہوجاتی ہین بالفرض پیشینہ تا اگر وہ باتین منصوص الہی ہی ہین وہ سب آپکی واسطے منصوص ہونگی یا دوسرے لوگون کیواسطے علاوہ اسکے خلاف شرط وصیت نامہ کی ہوتا ہی اسمین تو یہ شرط مندرج ہی کہ تیسکے حرمت تیری کرین کرنے دینا اور دم نہ مارنا بلکہ رسول مقبول نے اس بارہ مین وعدہ واثق جناب امیر سے لیا تہا تک کہ فرشتون کو گواہ گردانا اب زمانہ کہ جلیہ کی کھینچے مین تو بہتک حرمت موعودہ موثوقہ نہ ہوئی پس یہ فعل خلاف حکم خدا و رسول واقع ہوا ہے آزاد از سواد سخن سرسری مرو + صد بار اگر نگہ زدہ باز کن نگاہ - اور ایسے بیان مین قصہ حضرت لوط علیہ السلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی دختران کا ساتھ فرض محال کی مثال مین حضرت ام کلثوم کے تحریر کرنا آپکی دانش سے بعید ہی جواب فرض محال کا خود مجتہد صاحب اور انکی اسلاف کی تحریر سے دے چکا باقی جواب حضرت لوط کی بیٹیون کا مختصر یہ ہی کہ انکی بیٹیون کو معاذ اللہ کسینے غصب کیا تہا یا کوئی چہین لے گیا تہا یا کسی نے زبردستی نکاح کر لیا یا کرا دیا تہا یا انکے نکاح کرنیوالے کی حقیقین کلہ و کالت فضولی کا بیان کیا گیا تہا حضرت لوط کی شریعت مین تو نکاح ساتھو کافر کے جائز تہا بعد آیہ تحریم کے حضرت کی شریعت مین مخالفت کلی ہو گئی اور مطابق زعم جناب اور اسلاف جناب کے خلیفۂ ثانی تو دشمن رسول و اہل بیت رسول تہے انکے کیونکر نکاح جائز ہوگا اور اگر ضرورتاً جائز ہو جیسا کہ صاحب نزہہ اسی بحث مین فرماتے ہین - تجویز او تزویج درمقام ضرورت و اضطرار از باب رخصت است چنانچہ تجویز تناول میتہ درحالت مخمصہ و اضطرار پس اب آپ اقرار فرماتے اور بفرض محال نہ تحریر کیجیے اگرچہ مردار خوار ہی پر محمول کیون نہو واحسرتا کہ نکاح پوتی رسول کا ساتھ تناول میتہ کے مطابق کیا جاوے اور اوسپر دعوای محبت اہل بیت رسول ہی سے فمنک المراء ومنک الغلو + ومنک الریاء ومنک المطر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کب بیٹیان اپنی بعد آیہ تحریم کے کافرون کو دین تا کہ مثل حضرت ام کلثوم کی صادق آوے جناب کو ہمارے انکے اس مقام مین سخت تشویش ہی اگر آپ اس نکاح سے بطیب خاطر اقرار کرتے ہین تو مذہب بارہ سو برس کا بزعم جناب کے قیام

ہی درہم اور برہم ہوا جاتا ہی اور قول اس کمترین کا- اگر یہ امر واقعی ہوا ہی تو روایت مصارعت وغیرہ حضرت
کی اور بیلے ادبی حضرت خلیفہ ثانی کی اختلاق سے خالی نہین- صادق آتا ہی اور اگر آپ انکار فرماتے ہین تو
کذب ائمہ طاہرین اور افترا مجتہدین جناب کا لازم آتا ہی گستاخی معاف مثل ہندی کی صادق آتی ہی مثل دونون دیر
گئے پانڈے حلوا ملا نہ مانڈے- ایک نقل کتاب پنج آہنگ کی یاد آئی عرض کرتا ہون نقل کنیزے خورد سال بود
شبے عیدش نشاطی تازہ گرفت وبہ زمزمہ عید آمد عید آمد شادی برگرفت خاتون گفت تن زن اگر عید است یا رمضان توہم
سوختہ نان- اور کیا حیرت کی بات ہی کہ حضرت مجتہد صاحب مواعظ حسنیہ مین بطمطراق یہ ارشاد کرین کہ حضرت امام صادق
علیہم السلام متغیر ہوئے اور خفا ہوے کہ حضرت امیر المومنین ایسے ذلیل وخوار تھے کہ بیٹی اپنی عمر کو دیدیتے اور حضرت ملا
صاحب حیات القلوب مین یہ کہین کہ جو کچھ بیچ مین ہوا در پردہ دری ہو سب قبول کرنا لب نہ ہلانا آپ ہی فرمائین کہ کس
قول کو مانئے اور کسکے قول کو رد کیجیے ۵ جمال را نگرم یا خرام را بینم + کدام را بگذارم کدام را بینم- ایک بات وصیت
کی کہ جو متعلق اسی بحث کی ہے رہی جاتی ہی عرض کرتا ہون کہ حضرت امام حسین خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثناء نے بہا
وصیت نامہ پر گواہی ثبت فرمائی اور اقرار اور اعتراف جملہ مضامین وصیت نامہ کا فرمایا- پھر کیا ایسا امر پیش آیا جو
علیہ السلام زید پلید سے لڑ بیٹھے کیا صیانت نفس اور حرمت خاندان اس لڑائی مین نہین گئی صرف بہتر آدمی لاکھون
آدمیون سے لڑواے باوجود اقرار وشاہدی کی خلاف وصیت نامہ کی عمل مین لائے کیا خوب کہا ہی مولوی حیدر علی صاحب
نے رسالہ تموز نیمروز مین ایک شیعی نے کہا آپ تو ہر کتاب سے ہماری ہمکو قائل کرتے ہین بھلا یہ تو مجلس ہی چند
سی کوئی دلیل نکل سکتی ہی اُسوقت یہ بات بتوفیق الہی خیال مین آئی کہ اس کتاب سے عیان ہی کہ لشکر یزید کا
زیادہ تہا آخر اُسمین بھی لوگ تو علم رکھتے ہونگے کہا البتہ پھر مینے کہا کہ جب اُنہون نے حضرت امام حسین کو
سے شہید کیا اور آخر تک یہی حرف تہا کہ اگر بیعت یزید کی کر دو ہم لڑائی سے [illegible]
فاسق کی قبول نکی اور لاکھون [illegible]
کے تحریف کرنیوالے [illegible] جناب امیر نے اُنسے بیعت کی جو مرتد تھے بگاڑنے وا
[illegible] پلید سے یزید ہین کیا کہ بڑے پڑے ہین جو آپ بیعت تقیین کرتے اب بتاؤ امام کیا جا
تو معلوم ہوا کہ خلفاء راشدین کو جناب امیر نے مستحق جانا تہا وہو المطلوب نہین تو امام حسین کا الزام کہانا لازم آتا ہی
معاذ اللہ آپ صرف غصب فدک کی حدیث کو مفتریات سنیان تصور کرتے ہین اور مین عرض کرتا ہون کہ غصب فدک

اور غصب خلافت اور غصب خمس اور احراق بیت اور اسقاط حمل اور رسن بگلو کرنا وغیرہ یہ سب کے سب اختراعات
عبد اللہ بن سبا سے ہیں اور اعتقاد کو درست کر کے ان سب ہفوات کو دل سے محو کرنا چاہیئے ؎
باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آ گر کافر و گبر و بت پرستی باز آ ۔ این درگہ ما درگہ نومیدی نیست صد بار اگر توبہ شکستی باز آ
اسکی قول آپکا کہ اب ہم پوچھتے ہیں کہ مشتبہ کرنا حضرت عیسی کا قوم یہود پر چنانچہ قرآن مجید ناطق ہے الی آخرہ ما قتلوہ
معاذ اللہ حیلہ اور فریب کیا اور باعث چندین شرور و مفاسد بین الیہود و النصاری ہوا الی آخرہ سخت حیرت ہے کہ
آپ اور پر تحریر مجتہد صاحب کے ایسا وثوق فرماتے ہیں کہ جتنے مفسرین محدثین جناب کے ہیں سب پایہ اعتبار سے ساقط
ہوئے جاتے ہیں وقت تحریر جواب کے جناب نے ایک آدہ تفسیر بھی اپنے مذہب کی دیکھ لی ہوتی تو اس طرح کا شبہ آپکو واقع
نہوتا حضرت عیسی کے قصہ کو ساتھ قصہ جنیہ کے مماثل فرمانا جناب کا یا مجتہد صاحب کا فہم اور ادراک ہے دوسرا کا ہیکو
ایسی بے ٹھکانے باتیں لکھے گا ۔ کمترین کی یہ عرض ہے کہ جب جناب امیر نے بدلے حضرت ام کلثوم کے ایک زن جنیہ اجنبیہ
ہمبستر خلیفہ ثانی کے فرمائی اور حضرت ام کلثوم کو ہمبستری خلیفہ ثانی سے بچا یا یہ امر تو خلاف شرع حضرت امیر سے واقع ہوا
کیونکہ حضرت امیر کو احکام خدا اور رسول کے بدلنے کا اختیار نہ تہا اور ممانعت ہمبستری زن غیر کی واسطے نص قطعی کلام
خدا اور رسول میں موجود ہے کہ حاجت تصریح کی نہیں اسکا بر و اصاغر سب جانتے ہیں پس یہ دعوی آپکا اور مجتہد صاحب کا
فعلیکہ از معصوم صادر شود آنرا ناشی از حق سبحانہ تعالی باید دانست ۔ اسوقت راست اور درست ہو کہ تقلیب
بیعت محمدی کا حضرت امیر کو اختیار حاصل ہو جبتک یہ ثابت نہ کیجیئے گا تب تک کوئی قول آپکا یا کوئی دعوی مجتہد
صاحب کا راست تصور نہ کیا جاویگا یہ سب طبعزاد مضامین مخترعہ حضرت مجتہد صاحب ہیں جسکو آپ شگرف اور متین
سمجھتے ہیں آپکی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ زن جنیہ زوجہ اور زن ہمبستر اور اسکی حلت کی خبر قرآن و حدیث سے تو
ثابت کیجیئے اگر آپ اسکی حلت ثابت کر دینگے تو بہت بڑا احسان امت محمدی پر جناب کا ہوگا کہ آپکی بدولت آزادی بلا قید
زنکو حاصل ہو جاویگی اور تمامی امت شکنجہ شریعت سے نجات پاویگی اور ساتھ دعاے خیر کے جناب کو یاد کریگی اور
زنگی اوٹ میں ائمہ اطہار کو لاکر بٹھالنا اور یہ فرمانا ۔ ہر فعلیکہ از معصوم صادر شود آنرا ناشی از حق سبحانہ تعالی باید دانست
والعقول کا ہر احکام انبیاء اور احکام ائمہ اور وہ لوگ آمر یہ لوگ مامور باقی اپنے اپنے فہم کا قصور یا النفس الامارہ
ہے اسمیں جواب آیہ شریف کا وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لہم وان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ مالہم بہ

من علم الا اتباع الظن وما قتلوہ یقینا بل رفعہ اللہ الیہ وکان اللہ عزیزا حکیما وان من اہل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل
موتہ ویوم القیمۃ یکون علیہم شہیدا یعنی نہ قتل کیا انہون نے عیسی کو اور نہ سولی پر چڑہایا لیکن شبہ ڈالا گیا انکے
لئے اور جو لوگ کہ مختلف ہوئے اسمین ہر اینہ وہ بڑے شک مین ہین اُس سے نہین ہے انکو اُسکا کچہہ علم بجز پیروی
گمان کے اور نہین قتل کیا انہون نے اسکو یقینا بلکہ اٹھا لیا انکو اللہ نے اپنی طرف اور اللہ ہے غالب حکیم اور نہوگا کوئی
فریق اہل کتاب سے مگر ہر اینہ ایمان لاویگا اُسپر قبل اُسکے مرنیکے اور قیامت کے دن ہوگا اونپر گواہ - اس آیت کے معنی مین
کسی قسم کی شناعت مثل شناعت ہاستری زن حلبیہ کے پائی نہین جاتی آپ ہی انصاف کی نظر سے دیکہین باقی وہ فقرہ جناب
کا آیا اسمین بہی معاذ اللہ حیلہ و فریب پایا جاتا ہے غور کیجئے جناب امیر کو بہہ لوجہ ہجوم منافقین و معاندین خوف فتنہ و یقین
ضرر تہا بہلا جناب الہی کو کسکا خوف تہا جو حضرت عیسی کو مشتبہ کردیا اور ایک یہودی اُنکی شکل پر تشکل کیا آیا جناب
الہی کو قدرت نہ تہی کہ حضرت عیسی کو بعینہ بشکل اپنے زمین پر قایم رکہتا اور یہود کو قدرت اضرار نہوتی - جناب سے اس
جگہہ غلطی واقع ہوئی کہ خلاف الفاظ آیت آپ نے لفظ حیلہ اور فریب کا تحریر فرمایا پس ایسی بات کے ٹہکانے کا جواب
بجز خموشی کے اور کیا دیا جاوے - الا واسطے آگاہ کرنے جناب کے کہ بار دگر آپ غلطی مین نہ پڑین عرض کرتا ہون
جسکو آپ نے ساتہہ حیلہ و فریب کے تعبیر فرمایا وہ آیت سورۂ آل عمران مین واقع ہے ومکروا ومکر اللہ واللہ خیر الماکرین
اور آیہ وما قتلوہ الخ سورہ نسا مین واقع ہے عدم مزاولت قرآن پر یہ دہوکا آپکا دلالت کرتا ہے اور اسمین قصور
جناب کا نہین ہے کسواسطے کہ مجتہد صاحب جناب کے کہ جنہون نے سند پیش امامی کی آپکو عنایت کی ہے کئی برس قبل اپنے
رسالۂ بارقۂ ضیغمیہ مین فرما گئے ہین کہ - چون نظم قرآنی نظم عثمانی است بر شیعیان احتجاج بہ آن نہ باشد - پس جب حجیت
قرآن اوپر حضرات شیعہ کے نہین ہے تو پڑہنا یاد رکہنا کیا ضرور ہے - بہر حال تفسیر آیہ سورۂ ال عمران کی ملا فتح اللہ
صاحب کی تفسیر سے عرض کرتا ہون ومکروا ومکر کردند یہودیان باینوجہ کہ جمعے را در حقیقت برانگیختند تا قصد قتل
عیسی کنند وبہر جا کہ فرصت یابند بر وے دست برسے نمایند انتہی بقدر الضرورۃ اور ومکر اللہ کی یون تفسیر فرماتے
ہین - و خدای جزای مکر بدایشان رسانید انیکہ عیسی را علیہ السلام بہ آسمان برد وصورت او برجہتر ایشان افگند کہ
تا او را بجاے عیسی بکشتند واللہ خیر الماکرین و خدا بہترین مکر کنندگانست یعنی توانا تر بر رسانیدن ضرر از جائے کہ
گمان نداشتہ باشند و یا بہترین مکافات کنندگانست اہل مکر را و جزا دادن خدا یہود را بر مکر ایشان - اور جس جگہہ لفظ

مکر کا بشان خدا کلام اللہ میں آیا ہی اُس جگہ مفسرین نے یہ معنی تعین لکہی جیسا کہ جناب نے معاذ اللہ بنسبت خدا کی قیاس فرمایا ہی - صاحب جواہر التفسیر اِس لفظ کی یون تفسیر کرتے ہین - مکر از ان حیثیت کہ در اصل حیلہ الیست کہ بہ آن بمقصود بغیر رساند بخدا اسناد نتوان کرد بسبیل مشاکلت چنانچہ اللہ یستهزئ بهم وگفتہ اند مکر از خالق حیلہ و خدع است و از خلاق استدراج و تدبیر خفی - پس حیرت اس بات کی ہی کہ جناب نے اِس قصہ عیسیٰ کو ساتھ قصہ حلبیہ کی کن وجوہ سے مماثل کیا - خدا نے تو یہودیون کو اُنکی مکر اور حیلہ اور خدع کی کہ جو ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کی تہی سزا دی اور اس جہان مین بہی ہر پادشاہ کے یہان واسطے افعال بندگان کی قانون ہی اور اُسمین سزائین مقرر ہین اور خدا تو سب کا بادشاہ ہی وہ کیونکر اُنکی مکاری کی کہ جو ساتھ نبی اللہ کے کی تہی سزا نہ دیتا - حضرت خلیفہ ثانی کو کونسی تعزیر حضرت امیر نے تجویز کی کہ مماثل قصہ حضرت عیسیٰ کے قصہ حلبیہ کا ہوا بلکہ دیکہنے سے کتب شیعہ کے ظاہر ہوتا ہی کہ تا حیات اُنکی مثل شیر و شکر کے باہم رہی اور منبرون پر تعریفین فرمایا کئے گو بقول حضرات شیعہ کہ تقیۃً کیون نہو بخلاف یہود کہ کہ اللہ نے اپنی کتاب مین جا بجا اُنکی قدح اور ملامت فرمائی ہی آپ فقرہ جناب فما هو جوابکم فهو جوابنا کا میرے نزدیک جواب یہ ہی کہ خاندان حضرت مجتہد صاحب سے آپ خلع بیعت کیجئے اور اس روایت حلبیہ کو مفتریات قوم تصور کیجئے آیندہ جو رای جناب کی - باقی یہ اعتراض جناب کا - آیا جناب الٰہی کو قدرت نہ تہی کہ حضرت عیسیٰ کو بعینہ بشکل اصلی زمین پر قایم رکہتا - بعینہ بشکل اصلی زمین پر قایم رکہنے کی کیا معنی - کیا اونکو کسی اور صورت مین تبدل کیا تہا اور بعد اُسکے آسمان پر لیگیا - جناب کو ساتھ اس عبارت کی لکہنا لازم تہا آیا جناب الٰہی کو قدرت نہ تہی کہ حضرت عیسیٰ کو زمین پر قایم رکہتا تب معنی مدعای جناب کے درست ہوتے خیر اس جگہ نزاع لفظی سے اعراض کرتا ہون کہ اوپر خوب سا سمجہا چکا ہون علاوہ اسکے ایسے توجہات بیجا دلیلین پیدا کرنے علما اصول و ذوی العقول کے نزدیک سخت غلطی ہی - اب کمترین جناب کی خدمت مین عرض کرتا ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام نے گیہون کیون کہایا آیا جناب الٰہی کو قدرت نہ تہی کہ شیطان لعین کو اُن پر مسلط نکرتا کہ جسکے صدمہ سے چالیس برس رویا کئے اور انواع انواع قسم کی سختیان اُن پر گذرین اور حسب روایت شیعہ وکان ابلیس یدخل فی فیہ ویخرج من دبرہ فذلک صار ما فی جوف آدم منتنا جیفۃً غیر طیب جسد مطہر حضرت آدم کو ہمیشہ غیر طیب کیا حضرت نوح و حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ وغیرہم علیہم السلام پر کیون اسقدر سختیان اور شدائد قوم کی منظور فرمائین - آیا جناب الٰہی کو قدرت نہ تہی کہ اونکی قوم کو ہدایت کر دیتا کہ وہ لوگ اُنپر ایمان لے آتے - رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حسب روایت شیعہ منافقون سے گالیان کیون دلوائین کیا جناب الٰہی کو قدرت نہ تہی کہ اُن گالیان دینے والون کی زبان گنگ کر دیتا - حضرت جناب امیر کے گلے مین کیون رسی بندہوائی اور

معاذ اللہ حضرت سیدہ پر کیون لکد کوبی کرائی کیا جناب الہی کو قدرت نہ تھی کہ اُن رسی باندھنے والون کی ہاتھ خشک
کر دیتا اور اُن لات مارنے والون کی پانون توڑ ڈالتا۔ حضرت امیر اور امامین و سیدہ کو کیون دربدر کوچہ بکوچہ
واسطے حقوق خلافت ابوبکر کے پہرایا کیا جناب الہی کو قدرت نہ تھی کہ قلوب مہاجرین و انصار کو طرف جناب امیر کے پہیر دیتا
کہ باعث چندین شر و فساد و مفاسد کا بین السنیہ و الشیعہ نہوتا ✿ آنکہ پیش تو گفتم غم دل ترسیدم + کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار است
اور سبب رفعہ اللہ الیہ کا جو مجتہدین جناب نے لکہا ہی وہ باعث ابتہاج و سرور کا چاہیئے نہ سبب شک و شبہ و دو دلی
و شور۔ صاحب تفسیر صافی اس مقام مین یون لکہتے ہین فی الفقیہ عن السجاد ان للہ بقاعاً فی سمواتہ فمن عرج بہ الی
بقعۃ منہا فقد عرج بہ الیہ الا تسمع اللہ یقول فی قصۃ عیسی بن مریم بل رفعہ اللہ الیہ والعیاشی عن الصادق
علیہ السلام قال رفع عیسی بن مریم بمدرعۃ صوف من غزل مریم و من نسج مریم و من خیاطۃ مریم فلما انتہی الی السماء
نودی یا عیسی الق عنک زینۃ الدنیا والقمی عن شہر بن حوشب قال قال لی الحجاج یا شہر آیۃ فی کتاب اللہ قد اعیتنی فقلت
ایہا الامیر ای آیۃ ہی فقال ان من اہل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ لانی امر بالیہودی والنصرانی فیضرب
عنقہ ثم ارمقہ بعینی فما اراہ یحرک شفتیہ حتی یخمد فقلت اصلح اللہ الامیر لیس علی ما تاولت قال کیف ہو قلت ان
عیسی ینزل قبل یوم القیمۃ الی الدنیا فلا یبقی اہل ملۃ یہودی ولا غیرہ الا یؤمن بہ قبل موتہ و یصلی خلف المہدی قال
ویحک انی لک ہذا و من این جئت بہ فقلت حدثنی محمد بن علی بن الحسین ابن علی بن ابی طالب علیہ السلام فقال جئت
من عین صافیۃ۔ ترجمہ اور فقیہ مین ہی امام سجاد سے کہ خدا کے آسمانون مین بہت جگہین ہین پس جسکو عروج کیا اُن جگہون
مین سے کسی جگہ پر تو اوٹہا لیا اوسکو اپنی طرف اور عیاشی نے امام صادق سے روایت کی فرمایا امام نے
کہ اوٹہا لیے گئے عیسی بن مریم صوف کے کرتے مین کہ مریم کے کاتے ہوئے اور مریم کے بنے ہوئے اور مریم کے سئے ہوئے
سے تہا پہر جب پہونچے آسمان پر تو ندا آئی کہ اے عیسی اُتار ڈال اپنے اوپر سے زینت دنیا کی اور قمی نے روایت کی
ہی شہر بن حوشب سے کہا شہر بن حوشب نے کہ کہا مجسے حجاج نے اے شہر ایک آیت خدا کی کتاب مین ہی کہ عاجز کر دیا ہی
اوسنے مجھکو مینے کہا کہ اے امیر وہ کونسی آیت ہی کہا اوسنے کہ ان من اہل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ یعنی نہین کوئی
اہل کتاب مگر ایمان لاویگا اوسپر قبل اوسکے مرنے سے قسم خدا کی کہ مین حکم کرتا ہون یہودی اور نصرانی پر کہ گردن مارا
جاتا ہی وہ پہر مین دیکہتا ہون اپنی آنکہہ سے تو نہین دیکہتا ہون اوسکو کہ ہلاتا ہو وہ اپنے ہونٹون کو یہانتک کہ ٹھنڈا
ہوجاتا ہی کہا مینے اصلاح کرے اللہ امیر کی نہین ہی جسطرح پر کہ تو نے آیت سے معنی ٹہرائے ہین کہا حجاج نے کسطرح پر
ہین معنی کہا مینے کہ عیسی اوترینگے قیامت کے دن سے پہلے پس نہ باقی رہیگا کوئی اہل ملت یہودی یا غیر یہودی مگر ایمان

لاویگا اوسپر قبل اُسکی موت کے اور نماز پڑہیگا پیچھے مہدی کے کہا حجاج نے کہان سے یہ بات ملی تجہکو اور کہان سے
لایا تو یہ مین نے کہا کہ کہا ہی یہ مجھسے محمد بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب نے کہا حجاج نے کہ لایا تو صاف چشمہ سے
اب آپ شناعت قصہ جلیبیہ کو ساتھ قصہ رفع حضرت عیسیٰ کے موازنہ فرماسے کہ کچھہ بھی لگاؤ ہی نہ کوئی قباحت شرعی نہ
کسی قسم کا گناہ نہ کسی طرح کا حیلہ اور فریب بلکہ ترقی مدارج امت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ظاہر ہوتی ہی کہ امام اس
مذہب کے نبی اللہ کے امام ہونگے چشم بصیرت سے دیکھیئے تو فرق زمین و آسمان اور شرافت قصہ رفع مسیح و رذالت روایت
جلیبیہ قبیح عیان ہی دوسرے قصۂ جلیبیہ مین جناب نے کیا لعلعت نکالا عیاذاً باللہ علی رؤس الاشہاد جناب امیر نکاح حضرت ام کلثوم
کا ساتھ خلیفہ ثانی کے فرمائیں اور خلوت اُنکی ساتھ ایک جلیبیا جنیبہ کے مبدل کرین اور مجتہد صاحب اور رفقا آپکی جواب
مین یہ ارشاد کرین - ہر فعلیکہ از معصوم صادر شود آنرا ناشی از حق تعالیٰ باید دانست - اور اُسکی نظیر و دلیل مین قصہ حضرت
عیسیٰ کو پیش فرماوین جناب امیر تو ایک طرف خدا ہی معاذ اللہ مرتکب زنا کا ہوا زیادہ کیا عرض کرون کہ اُس شرط سے
مجبور رہون اب وہ شعر ہے شادم کہ از رقیبان دامن کشان گذشتی + گو مشت خاک ما ہم بر باد رفتہ باشد - اس حال کے
صادق نہین بلکہ یہ شعر حسب حال ہی ہے جامی چہ لاف میزنی از پاک دامنی + بر خرقۂ تو این ہمہ داغ شراب چیست - باقی
جواب قصۂ حضرت موسیٰ اور حضرت خضر اور حضرت ابراہیم علیہم السلام کا اور بیجواب حضرت عیسیٰ کی تقصیر فرمایا جا دے
کسی وجہ سے مماثل قصۂ جلیبیہ کے نہین ہوسکتا ہی کیونکہ حضرت خضر علیہ السلام نے قتل نفس وغیرہ جو کیا تہا بحکم الٰہی بغرض
حصول امورین محکوم رب العالمین تہا جیسا کہ تفصیل اُسکی سورہ کہف مین موجود ہی اور حضرت یوسف علیہ السلام نے
ایک امر محمود و مفید بحق اخوان کیا تہا جس سے فائدہ اخوان بلکہ جملہ خاندان کا اُنکے متعلق تہا اور اتہام سرقہ ظاہری
وغیرہ از قسم حیلۂ شرعی تہا یہ نہین تہا کہ تہمت سرقہ مین وہ لوگ مبتلا ہے سزا سے سرقہ کئے گئے خود کوئی خلل اور فتور
اُنکے مطالب و اعمال امور مین آیا بلکہ اسی ذریعہ سے تفرقہ صوری اوٹہا اور سب لوگ باہم ہو گئے اور بوجہ تغیار و
خلل بوجہ تفرقۂ سابقہ تہا وہ رفع ہوا اور سوائے حصول فوائد طرفین کوئی امر شنیع واقع نہین ہوا اتنا غور نہین کہ یہ فعل
محض بنظر تخلیص بہائی کے تہا کہ دست حساد و آزار دہندگان سے محفوظ رہین جب نتیجہ اُسکا نیک اور نیت اسمین حسنہ
ہوئی تو یہ فعل عین محمود ہوا نہ مذموم - چنانچہ صاف حق سبحانہ تعالیٰ نے خبر دی ہی کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے
بہائی کو پیشتر سمجہا دیا تہا کہ مین تمہارا بہائی حقیقی ہون تم اب کچہہ غم نہ کرو اُن لوگونکی فعل و عمل کا آیہ کریمہ ناطق ہی کہ انا
اخوک فلا تبتئس بما کانوا یعملون لیس اس فعل محمود کو مذموم سمجہنا اور انکشاف واقعہ کو اپنے وہم سے مشتبہ اور مہمل کرنا
اور نتیجہ مماثل قصہ جلیبیہ نکالنا اور بایں وسیلہ اُس ملمع آلودگی فریب جہل اپنی زبان سے کہ جو نسبت حضرت مرتضوی اور

دامن عصمت حضرت ام کلثوم زبدۂ اہل بیت تطہیر پر لگتی ہی چھوڑنا محض غلو و بعید از انصاف ہے۔ ذرا تو حرمت و تعظیم انبیا اور مرسلین ملحوظ رکھیے۔ کجا وہ معاملۂ جعلیۂ مذمومہ کجا یہ معاملۂ حقۂ محمودہ۔ ہان اگر حضرت امیر بہی مثل حضرت یوسف اول سے حضرت عمر کو چھپکا دیتے کہ تم سزاوار اس وصلت کے نہین میرے کہنے پر عمل کرو اور پہر یہ معاملہ کرتے تو بہی صبر آتا۔ واذ ابلیس فلبس اور بالفرض مان بہی لیا جاوے کہ حضرت عمر حضرت علی کے اکراہ سے آگاہ تہے تو بہی تشبیہ نہین ہو سکتی کیونکہ حضرت علی کو تو من ابتدا اپنا نفع اور حضرت عمر کا ضرر مقصود تہا بخلاف حضرت یوسف کے کہ انکو تو از ابتدا تا انتہا نفع بہائی کا مقصود تہا پہر کیونکر اسپر اوسکو قیاس فرمایا غرض آپنے اپنی زبان درفشان سے حضرت امیر نجیبۂ اہل بیت پر تہمت گناہ و دہوکہ بازی معاذ اللہ لگا دی اور حضرت یوسف جو از جملہ پیغامبران و معصومین ہین انکو بہی نہ چھوڑا نعوذ باللہ من ہذا الغلو و الاعتساف اور رضا بہ قتل نفس خود حضرت اسمعیل علیہ السلام کیطرف سے بہ تعمیل حکم الٰہی تہی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بنظر امتحان وارد ہوا تہا ایسی رضا کو ہرگز خلاف شرع کہنا جائز نہین ہی۔ بخلاف تبدیل حضرت ام کلثوم ساختہ جعلیہ کے کہ اوسمین سوای وقوع زنا ہی (کہ مذکور الصدر ہے) کوئی نفع حضرت عمر کا نہین تہا بلکہ اتلاف حق زوجیت و نقصان اغراض و فوائد نکاح و انتہا لہا سے ضرر اونکا تہا حالانکہ تخلیہ قصص انبیاء موصوفین علیہم السلام مین بلا اتلاف حق احدی حقیقت مین نفع اس شخص کا تہا جسکے واسطے ظاہر او نہیم خلاف و ضرر نکلا تہا پس قیاس قصۂ جعلیہ کا ان قصون پر قیاس مع الفارق ہی زیادہ اس سے بیفائدہ طول دینا اور کاغذ سیاہ کرنا منظور نہین آپ خود سمجھ لیں اور اگر کچہ حوصلہ جناب کو باقی رہے تو کمترین کو اطلاع فرمائین کہ خدمت مین جناب کے جو رطب و یابس ہو وہ عرض کیا جاوے۔ اب جواب مین صاحب استقصاء الافحام کے کہ جو متعلق بہ حدیث حوض ہی ایک بات جناب کی خدمتمین عرض کرتا ہون گستاخی معاف اگر جناب کو اس فن مین توغل نہتا یا آپ اس کوچہ سے نا واقف تہے تو کیا ضرور تہا کہ میری تحریر کو جناب قبلہ و کعبہ سید ابو القاسم صاحب کی خدمت میں لیگئے کمترین نے صحت دنیا کی اور رقمی نے روایت کی مین لکہا تہا نہ بطور مباحثہ اور مناظرہ کے پس جناب کو ناحق جوش اور غصہ آیا کی کتاب مین ہی کہ عاجز کر دیا ہی رسول رب العالمین اور علماء و بزرگان دین کی شان مین فرمائین اور کلمات فحش نا سزا سے ہو تلہ یعنی نہین کہی کیے اس مقام پر ایک شعر امان علی سحر کا جو ایک قصیدہ مین ہی یاد آیا اور بی اختیار دل گدگدا یا کہ زبان پر ہین مارا اسمین ایک لفظ ایسا ہی کہ جو خارج اس شرط سے ہی کہ جسکو بارہا عرض کیا ہی اسواسطے اسکی عرض سی اعراض کرتا ہون آپ تامل کرین اور انصاف فرمائین کہ میر اسوال کیا تہا اور آپکا جواب کیا ہی کمترین یہ عرض کرتا ہی کہ صاحب استقصاء الافحام جو حدیث حوض کو اوپر خلفاء راشدین کے صادق فرماتے ہین ثبوت و صدق اسکا کسی طرح نہین ہو سکتا

کیونکہ رسول خدا صلعم کو التباس اور عدم علم اُنکا کیونکر ہوا کسواسطے کہ حسب روایات حضرات شیعہ وہ مسلمان ہی نتھے
تب لفظ اصحابی اصحابی کا بیکار اور لغو ہوتا ہے اور جناب اُسکی جواب مین یہ فرماتے ہین بر فرض تسلیم اگر اصحاب ثلثہ
کما ذہب الیہ الشیعہ اُس سے مراد ہوون تو غالباً حسب مذہب سنیہ کوئی اوسکا مصداق ہوگا۔ خدا سمجھے صاحب ایقاب
کو کہ آپکو ناحق تشویش اور تردد مین ڈالدیا کہ ایسے الفاظ تحریر فرمانے لگے کہ جسکی سمجھہ سے لوگ عاجز ہین کاش وہ صاحب
کتاب ایقاب بحث عقد ام کلثوم مین حدیث حوض کی بھی بحث کو لکھدیتے تو آپکی مشکل آسان ہوجاتی۔ آپ تامل کرین کہ
جو شخص ابتدا سے انتہا تک دشمن رسول اور اُسکی آل کا ہوا ور انواع دشمنی کی اذیتین اُس شخص کی ذات سے اُن جناب
کو پہنچی ہون وہ شخص کیونکر سامنے خدا کے ساتھہ الفاظ اصحابی اصحابی کی پکارا جائیگا اور رسول واسطے شفاعت اُسکی
کیونکر دوڑینگے۔ کیا خلفاء راشدین رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین نے معاذ اللہ حسب روایات حضرات شیعہ رسول خدا کو
ایذائین نہین دین اور قصد مار ڈالنے اُن حضرت کا نہین کیا۔ کیا صحیفہ ملعونہ اُن لوگون نے واسطے ایذاء اہل بیت کے
نہین لکھا۔ کیا رسول خدا نے حضرت حذیفہ سے نہین فرمایا کہ منافقین فلان فلان بودند۔ کیا اُنکی شان مین یہ آیہ یحلفون
باللہ ما قالوا ولقد قالوا کلمۃ الکفر وکفروا بعد اسلامہم وھموا بما لم ینالوا نہین اوتری جسکا ترجمہ ملای مجلسی نے
حیات القلوب مین ساتھہ ان الفاظ کے کیا ہے سوگند یاد میکنند بخدا کہ نگفتہ اند و بتحقیق کہ گفتند کلمہ کفر را و کافر شدند
بعد از اسلام ایشان و قصد کردند امرے را کہ بآن نمیرسیدند۔ کیا اُنکی بیٹیون نے حضرت رسول کو زہر نہین دیا کیا اُن
لوگون نے وقت طلب دوات و قرطاس کے معاذ اللہ رسول خدا کو گالیان نہین دین کیا اُن لوگون نے قصد گھر
[حضرت] سیدہ کا نہین کیا۔ کیا اُن لوگون نے حضرت سیدہ کو ایذائین نہین دین کیا اُن لوگون سے حضرت فاطمہ
وغیرہ از قسم حیلہ شرعی ہے [illegible] نہین گئین کیا اُن لوگون نے حضرت محسن کو شہید نہین کیا۔ کیا اُن لوگون نے معاذ اللہ حضرت
اسکے مطالب داخلی امور مین آیا بلکہ [illegible] ن لوگون نے نعوذ باللہ حضرت امیر کے گلے مین رسی نہین باندہی کیا اُن لوگون نے
خلل بوجہ تفرقہ سابقہ تہا وہ دفع ہوا [illegible] مین گھسیٹا وغیرہا۔ باوجود اتنے شواہد و بینات کی علی مزعوم الشیعہ یہہ ہی رسول
محض بنظر تخلیص رہا [illegible] چاہیے۔ اور یہہ بھی کتب حضرات شیعہ مین مصرح ہے کہ جب حضرت سیدہ قبر شریف اپنی سے اوٹھینگی تو
ہوئی نور دزت محسن شہید کی لیکر سب سے پہلے زیر عرش رب العالمین جاکر دہائی دینگی کہ ع لوٹا انہون نے مجھکو دہائی خدا کی ہے
جیسا ملای مجلسی جلاء العیون مین فرماتے ہین۔ اول کسی را کہ در قیامت حکم خواہند کرد محسن فرزند امیر المومنین صلوات
اللہ علیہ خواہد بود۔ انتہی علاوہ اسکے جب حضرت صاحب الامر ظہور فرمائینگے تب خلفای راشدین زندہ ہوکر درخت سے
بند ہوا نے جائینگے اور سزائین دیجاوینگی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسجگہہ موجود ہونگے اور یہہ مسئلہ شا

چنگیز خانی کا اپنی آنکھون کے سامنے ملاحظہ فرمائینگے - بعد سب کھیل اور تماشون کے تب حدیث حوض کی نوبت آویگی
باوجود ایسے قرب زمانہ کے حضرت رسول کو التباس ہوجائیگا اور آیہ وافی ہدایہ یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ
خاطر اقدس سے محو ہوجاویگی کہ جو شناخت مومن اور کافر مین نازل ہوئی ہی اتنے بڑے معرکہ کو آپنے ایک لفظ بر فرض
تسلیم فرماکر ٹالدیا اور جواب سے عہدہ برا ہوگئے ہ لیے عندلیب دان نہ ہنسا تجھکو کہ انشا +ایسے ادراک ہی تو کچہ اور گا رہی ہے
باقی یہ فقرہ جناب کا تو غالبًا حسب مذہب سنیہ کوئی اسکا مصداق ہوگا ہان جناب ہی جو بعد رحلت آنحضرت صلعم مرتد ہوگئے
التباس اونمین ضرور ہی اگر زیادہ تصریح کی ضرورت ہو تو منتہی الکلام ملاحظہ فرمالیجئے - اور معنی لغوی اور عرف عام
اطلاق لفظ اصحاب کو ساتھہ اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کہ جنکے محامد حضرت سجاد علیہ السلام نے صحیفہ کاملہ مین اور
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے کتاب خصال مین لاتعد ولاتحصی فرمائین اور جنکے حق مین رسول مقبول سمع و
بصر وراس وجسم وروح اپنی سے تشبیہ دین کہ تفسیر حضرت امام عسکری کی شاہد ہی اُن لوگون کو مصداق اولم تتفکروا
مابصاحبکم من جنۃ وقال لہ صاحبہ وھو یحاورہ کا فرمائین اسکے معنی مین قرآن کی تحریف ہوتی ہی معاذ اللہ ائمہ اطہار
کے اقوال کی تکذیب ہوتی ہی نئے نئے معنی گڑھے جاتے ہین بمصداق اسکے ہ دست بیچارہ چون بجان نہ رسد +
چارہ جز پیرہن دریدن نیست - لیجئے آپ کی خاطر سے آپکی دعوی کو مانے لیتا ہون مگر ساتھہ ایک شرط کے کہ اس دعوے
پر آپ قائم رہین ایسا نہو کہ موقع وقت دیکھکر وہی [illegible] لفظ اہلبیت کا جو کلام خدا مین وارد ہی اتفاق
علمار اہل حق یہ ہی کہ اُس سے ازواج نبیؐ اور بنی فاطمہ مراد ہین - الا مجتہدین جناب کے ازواج نبیؐ کو اس صفت سے خارج
فرماتے ہین صرف حضرت سیدہ اور اماماین ورجناب امیر علیہم السلام کو داخل کرتے ہین اب مطابق دعوی جناب کے کلام مجید مین جن
جس مقام مین یہ لفظ وارد ہوا ہی حضرات ائمہ معاذ اللہ مراد لئے جاوین بلکہ لفظ اہل بیت کا اوپر گربہ کے کہ اخس و
ارذل حیوانات سی ہے آیا ہی چنانچہ حضرت طوسی تہذیب مین حضرت امام جعفر صادق سے بیچ حق گربہ کے فرماتے ہین
انھا قال انما ھی من اھل البیت اب مطابق دعوی جناب کے فضائل لفظ اہل بیت کی ساتھہ رذائل کے مبدل کئے جاتے ہین
وجعلناھم ائمۃ یدعون الی النار سے معاذ اللہ ائمہ طاہرین مراد لئے جائینگے اسکے سوا قولہ تعالی ان الذین فرقوا دینھم
وکانوا شیعا کہ جو شان مین مشرکین کے ہے حضرات شیعیان علیؑ پر عاید کیا جاسکے حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابوذر غفاری
کہ جو مقبول حضرات شیعہ ہین اولم تتفکروا مابصاحبکم من جنۃ وقال لہ صاحبہ وھو یحاورہ مین بقول جناب کے داخل ہوسکتے
ہین یا نہین الحمد للہ کہ بارہ ہزار اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مین حضرات امامیہ کے یہان مرتد ہوکر تین چار بیچ رہے
ہے کہ اونکو ہمارے کتان بہا تصاحب نے داخل سعیر اور اصحاب نار فرما دیا اور طرہ یہ ہوا کہ حضرات ائمہ معصومین بھی

معاذ اللہ اسمین لپیٹے گئے خلفای راشدین کا کمترین کو اب حضرت پیش امام صاحب سے شکوہ اور گلہ باقی نہین ہاں ؎
شادم کہ از رقیبان دامن کشان گذشتی + گو مشت خاک ما ہم بر باد رفتہ باشد۔ بغیبہ یہ تاویلات جناب کی کچھ تحدث
نہین ہین اگلے مجتہدین جناب کیسے ہی اسیطرح کے رکاکت اور بیہودات معانی مین جاری فرما گئے ہین کیا جناب نے معنی حدیث
ہما امامان عادلان قاسطان کانا علی الحق وماتا علیہ فعلیہما رحمۃ اللہ یوم القیامۃ کہ دونون امام ہین عادل
اور انصاف کرنیوالے دونون حق پر تھے اور مرے حق پر ان دونون پر ہو رحمت خدا کی قیامت کے دن۔ کہ جو
حضرت خلیفۂ اول اور ثانی کے حق مین حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہے نہین سنی۔ رسالہ ادلہ نقیہ
در ثبوت تقیہ ۱۲۸۲ھ لکھنؤ مین طبع ہوا ہے اور مجتہد سید محمد صاحب کے اوسپر دستخط ہین اُس سے نقل کرتا ہون
علماء اہل سنت نے نقل حدیث مین خیانت کی ہے اور ان الفاظ کو منتخب کر لیا ہے کہ جو بنظر سرسری لوہم مدح شیخین کے
ہین حالانکہ باطناً وہ الفاظ بھی سراپا طعن و تشنیع سے مملو اور مشحون چنانچہ خود صادق نے اُسی حدیث مین اُن الفاظ
کے معنی تفصیل و توضیح ارشاد فرمائے ہین بعد ایک تقریر پیچ در پیچ کے اُس رسالہ مین اصل خیانت کے الفاظ اسطرح
پر منقول ہین۔ واضح ہو کہ اصل حدیث یہ ہے کہ بعض مخالفین نے حضرت سے دربارۂ شیخین سوال کیا حضرت نے جواب مین
از راہ توریہ یہ ارشاد فرمایا کہ ہما امامان الخ فلما انصرف الناس قال لہ رجل من خواصہ یا ابن رسول اللہ لقد تعجبت مما
قلت فی حق ابی بکر و عمر فقال نعم ہما اماما اہل النار کما قال اللہ تعالی وجعلنا منہم ائمۃ یدعون الی النار واما العادلان
فعد و لہم عن الحق کقولہ تعالی والذین کفروا بربہم یعدلون۔ واما قاسطان فقد قال اللہ تعالی واما القاسطون فکانوا
لجہنم حطبا۔ والمراد من الحق الذی کانا مستولیین علیہ ہو امیر المؤمنین حیث اذیاہ و غصبا حقہ۔ والمراد من موتہما علی الحق
انہما ماتا علی عداوتہ من غیر ندامۃ عن ذلک۔ والمراد من رحمۃ اللہ رسول اللہ بانہ کان رحمۃ للعالمین سیکون خصمًا لہما
ساخطاً علیہما منتقما عنہا یوم الدین خلاصہ ان کلمات کا یہ ہے کہ جب مجلس مخالفین سے خالی ہوئی تو ایک شخص نے
خواص اصحاب سے امام معصوم کی خدمت مین عرض کی کہ مین ان کلمات سے جو آپ نے حق شیخین مین ارشاد فرمائے بہت
متعجب ہوا حضرت نے ارشاد فرمایا کہ مین نے ان دونون کو امام سے اس سبب سے کہا کہ وہ امام اہل نار تھے چنانچہ
حق تعالی قرآن مین کافرون کو امام اہل نار فرماتا ہے وجعلنا منہم یعنی کافرون کو ہم نے امام اہل نار کردانا ہے۔ اور
عادل اسوجہ سے کہا کہ اُن دونون نے عدول کیا تھا حق سے جیسا کہ خداوند عالم کافرون کو انہیں معنون سے عادل
فرماتا ہے والذین کفروا بربہم یعدلون مترجم کہتا ہے کہ کتب احادیث اہل سنت مین وارد ہے کہ پیغمبر برحق نے نوشیروان کو
عادل فرمایا ہے حتی کہ سعدی شیرازی نے اسکو بوستان مین نظم کیا اور کہا ہے ؎ در آوان عدلش بنازم چنان +

کہ ستمگر بہ دوران نوشیروان - پس جبکہ برح عادل نوشیروان کا فرکو مفید نہین توشیخین کو بھی مفید نہو گی اور یہ وجہ بھی انہین
ستر وجہون سی ہے اور قاسط اسوجہ سے کہا کہ قاسط کے معنی ظالم کے ہین چنانچہ قرآن مین وارد ہی واما القاسطون فکانوا
لجھنم حطبا یعنی ظالم جہنم کی لکڑیان ہین پہر امام معصوم فرماتے ہین یہ جو بیٹے کہا کانا علی الحق تو اس سے مراد یہ کہ وہ
دونون غالب تہے حق پر اور حق مغلوب تہا اور مراد اُس حق سے کہ جنپر غالب تہے امیر المومنین ہین کہ اُنکو اذیت دی اور
اُنکے حق کو چہین لیا مترجم کہتا ہی کہ اس جملہ مین امام معصوم نے جار مجرور کو متعلق گردانا ہی بلفظ مستولین کہ وہ خبر خاص ہی
اور محذوف ہے بقرینۂ مقام - اور مذہب جمہور نحاۃ کا مانند سیبویہ وغیرہ کے یہ ہی کہ جب خبر خاص پر کوئی قرینہ دلالت کرے
تو حذف اُسکا جائز ہی اور چونکہ امام جعفر صادق علیہ السلام باتفاق جمہور اہل اسلام افصح الفصحا اور از جملۂ عرب عربا ہین
کلام انکا بجاے خود مستند ہوگا خواہ موافق نحاۃ کے ہو خواہ مخالف چہ جاے آنکہ بسبب پائے جانے قرینہ کے کلام
اُن حضرت کا مطابق جمہور نحاۃ کے بھی ہی - پس اب جاے اعتراض بھی باقی نرہی اور وہ قرینہ یہ ہی کہ علی کے معنی کلام
مین استعلا کے ہین اور استعلا اُنکے محاورہ مین بمعنی غلبہ و استیلا بھی آیا ہی چنانچہ ملاحظہ کتب لغت سے معلوم ہوتا ہی کہ
عرب کہتے ہین علوت الرجل ای غلبت پس معنی کانا علی الحق کے یہ ہونگے کہ کانا غالبین علی الحق والحق مغلوب عنہما
اور یہ جو معصوم نے فرمایا ہی کہ مراد حق سے امام بحق جناب امیر ہین امر حق ہی اور کچھ بعید نہین اسواسطے کہ لفظ حق کا
اطلاق خدا اور رسول اور امام بلکہ موت اور قیامت اور قرآن اور کلمہ اور کلام پر ہوتا ہی کما لایخفی پس اگر مراد حق سے
مولای برحق ہو خلاف حق لازم نہین آتا اور مخفی نرہے کہ اس مقام مین دو وجہین اور بھی ہین کہ حمل کلام معصوم کا انپر
صحیح ہی وجہ اول یہ ہی کہ علی بمعنی استعلا ہووے پس معنی کانا علی الحق کے یہ ہونگے کہ وہ دونون کہ عین باطل تہے
حق پر فوقیت لے گئے اور اُنہون نے حق کو پست کر دیا جیسا کہ معصوم دعای صنمی قریش مین ارشاد فرماتے ہین پس بنا بر
طریقہ جمع بین الحدیثین کے ارادہ اس معنی کا کلام معصوم سے صحیح ہوگا اور یہ نوع استعلا مستلزم استیلا بھی ہی پس اس
وجہ سے بھی مقدر ہونا لفظ مستولین کا صحیح ہوگا کما فعلہ المعصوم فتامل وجہ دوم یہ ہی کہ کلام عرب مین علی کو مقام
مخالفت اور مضرت اور عداوت مین بھی اطلاق کرتے ہین چنانچہ شایع و ذایع ہی کہ بیچ محاورہ عرب کے مقام جواب یا
اعتراض مین کہتے ہین وھذا لنا لا علینا یعنی یہ امر نافع ہی واسطے ہمارے نہ مخالف اور مضر ہمارے اور مشہور ہی کہ جب
اثناء راہ مین لشکر حُر جناب سید الشہدا سے ملاقی ہوا تو حضرت نے حُر سے فرمایا اعلینا ام لنا یعنی تو ہماری کمک کو آیا
ہی یا ہماری عداوت پر کمر باندہی ہی و ایضاً قال اللہ تعالی لایکلف اللہ نفسا الا وسعھا لھا ما کسبت وعلیھا ما
اکتسبت قال صاحب الکشاف ینفعھا ما کسبت من الخیر ویضرھا ما اکتسبت من الشر پس بنا بر وجہ اسوجہ سے

معنی کانا علی الحق کے یہ ہونگے کہ وہ دونوں مخالف حق کے اور دشمن حق کے تھے اور یہی معنی قول آئندہ میں معصوم
نے فرمائے ہیں پس ارادہ اس معنی کا کلام امام سے اس مقام میں بھی صحیح ہوئیگا فافہم پھر معصوم علیہ السلام ارشاد فرماتے
ہیں کہ جو میں نے کہا ماتا علی الحق مراد اس سے یہ ہے کہ عداوت حق پر مرے یعنی جناب امیر کی عداوت تادم مرگ انکے دلوں
میں رہی اور تادم مرگ نادم نہوئے اس مقام میں علی کو معنی عداوت معصوم نے اطلاق فرمایا ہے جیسا کہ ہم نے وجہ
ثانی میں بیان کیا ہے پھر معصوم فرماتے ہیں یہ جو میں نے کہا فعلیهما رحمۃ اللہ یوم القیامۃ پس مراد رحمۃ اللہ سے رسول
خدا ہیں کہ وہ ان دونوں کے دشمن ہونگے روز قیامت اور انپر غضبناک ہونگے اور ان سے روز قیامت کو انتقام
لیویں گے۔ مترجم کہتا ہے کہ اس مقام میں بھی علی کو معصوم نے مقام عداوت میں ارشاد فرمایا ہے اور رحمت خدا ہونا حضرت
رسالت مآب کا مقام شک وارتیاب نہیں حقتعالی خود فرماتا ہے وما ارسلناک الا رحمۃ للعلمین بہرصورت اہل انصاف
پر معانی ان الفاظ کے ظاہر و باہر ہونگے کہ ہرگز یہ الفاظ مقام مدح شیخین میں وارد نہیں ہیں بلکہ سراپا یہ حدیث
رد و قدح شیخین پر دلالت کرتی ہے انتہی بلفظہ پس جناب ان تاویلات کو ملاحظہ فرماویں کہ آپکی تاویلات سے کہیں
بڑھی ہوئی ہیں فقط چھوٹے اور بڑے کا فرق ہے زیادہ کیا عرض کروں علاوہ لفظ اصحاب کے لفظ امام کا بھی اوپر
کافر کے اطلاق ہوتا ہے پس ہر ملحد اور زندیق مطابق معنی امام علیہ السلام حاشا عن جنابھم کلام مجید سے معنی مطابق
اپنے مطلب کے نکال سکتا ہے اور کوئی شخص قابل مدح نہیں ہوسکتا۔ اور حیرت یہ ہے باوجود اسکے کہ حضرت امام علیہ السلام تو
تقیہ سے معصوم اور مامون تھے پھر صاحب رسالہ کو لفظ توریہ لکھنا اوپر امام علیہ السلام کے جز ظلم کے کیا ہے چنانچہ ملا محمد یعقوب
صاحب کلینی درباب عدم تقیہ حضرت امام علیہ السلام یوں کہتے ہیں کہ جو صحیفہ امام جعفر صادق کا تھا اسمیں انکے لئے
یہ حکم تھا حدث الناس و افتهم ولا تخافن الا اللہ وانشر علوم اهل بیتک وصدق اباءک الصالحین فانک فی
حرز وامان یعنی تمام مخلوق کو فتوی دو اور انسے باتیں کرو اور کسی سے سوای خدا کے نہ ڈرو اور اپنے اہل بیت کی
علوم کو منتشر کرو اور اپنے آبا صالحین کی تصدیق کرو اسلئے کہ تم حرز و امان میں ہو اور طرہ یہ ہے کہ حاشیہ خلاصہ
صاحب استقصار کہ جنکی تحریر اور تحقیق پر جناب کو نازش ہے وہ لفظ اصحاب کو اوپر اہل بیت کرام علیہم السلام کے اطلاق
فرماتے ہیں چنانچہ تحت حدیث اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم میں یوں تحریر ہیں۔ مراد از اصحاب در حدیث
اصحابی کالنجوم الخ اہل بیت علیہم السلام اند گستاخی معاف آپکو لازم ہے کہ اس جناب کیخدمت میں یہ شعر لکھ بھیجئے ع
اے عہد شکن با تو اگر کار نبودی + کار دل ما اینهمه دشوار نبودی ۔ بعد اسکے آپ فرماتے ہیں کہ ابن ابی سلول وغیرہ
پر جنکا کفر متفق علیہ ہے اطلاق اصحاب کا مروج تھا ولو مجازا اول تو یہ قول جناب کا بلا سند ہے مجرد آپکا بیان کیونکر

مان لیا جاوے، دوسرے جناب کیخاطر سے مان لیتا ہون الا آپ یہ تو فرمائین کہ روز محشر رسول مقبول صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم اِس مردود کو پکارینگے کہ اے فرشتو اسکو کہان لئے جاتے ہو یہ تو میرے اصحاب مین سے ہے اور خدا اوسکے
جواب مین فرمائیگا لا تدری ما احدثوا بعدك اور اُسکا جواب رسول مقبول یہ فرمائینگے فاقول کما قال العبد الصالح
وکنت علیھم شھیدا الخ اور اُسکے جواب مین اللہ پاک فرمائیگا فیقال انھم لن یزالوا مرتدین علی اعقابھم یہ سب اثبات
حق کے اقوال ہین یا اتیاب عوال فاعتبروا یا اولی الالباب وقولوا ان ھذا لشئ عجاب حضرت یہ مرحلہ ایسا دشوار
گذار ہی کہ بڑے بڑون نے سپرین ڈالدین ہین ہتیار کھولدئے ہین یہ بیچارہ صاحب استفسار کہ تحریر لے پاک کے مرد
ہین کس گنتی اور شمار مین ہین ایک تحریر انہین حضرت کی آگے اسکے انشاء اللہ تعالی لکھونگا اوس سے آپ پر ظاہر ہوگا کہ
یہ حضرت انصاف سے کسقدر دور جاتے اور بہکا گئے ہین علاوہ اسکے حقیقی اور مجازی کیواسطے قرینہ بھی ضرور ہی کیونکہ
جب معنی حقیقت مہجور اور متعذر نہون تو ایسی صورت مین حقیقت کو ترک کرنا نہین چاہیئے کسواسطے کہ مجاز لباس
مستعار ہی اور لباس مستعار بحالت ضرورت کی ہے اور چونکہ بسبب غیر مہجور اور غیر متعذر ہونے حقیقت کی کچھ ضرورت
مستعار کی نہین ہی پس ایسی حالت مین ارادہ مجاز کا اور ترک حقیقت کا مناسب نہین ہی سوای اسکی ارادہ مجاز
کیلئے قرینہ صارفہ ظاہر الدلالۃ ضرور ہی نہ جناب کیطرح رجما بالغیب کا فر وملحد منافق سب پر اصحاب کا لفظ اطلاق کردیا
ع تم جسے چاہو چڑھا لو سر پہ اور صفت وثنا صاحب استفسار کی جناب کو ضرور چاہیئے کسواسطے کہ اس مذہب شیعہ
کی انہین کی ذات نے بزعم جناب کے آبرو رکھ لی ورنہ صاحب منتہی نے کوئی دقیقہ بے آبروئی اس مذہب کا اوٹھا
نہین رکھا تہا مجتہد صاحب نے تو جائیہ اجتہاد تہ کر ہی دیا تہا سبحان علیخان صاحب مواد حشو ولغو جمع کر ہی گئی تھے ع
قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند صاحب استفسار نے اپنے سر پگڑی باندہی تہا جو کچھ انکی طبع عالی مین مضامین اگلے
اور پچھلے مخیلہ ہوئے وہ سب انکی نزدیک وحی آسمانی ہوئے انکی لطافت تحریر کے دو ایک نمونے عرض کرتا ہون
انصاف فرمائیگا علی بن عیسی اردبیلی امامی اثنا عشری نے اپنی کتاب کشف الغمہ مین یہ حدیث لکھی ہی انہ سئل الامام
ابو جعفر علیہ السلام عن حلیتہ السیف ھل یجوز فقال نعم قد حلی ابوبکر الصدیق سیفہ بالفضۃ فقال الراوی اتقول
ھکذا فوثب الامام عن مکانہ فقال نعم الصدیق نعم الصدیق نعم الصدیق من لم یقل لہ الصدیق فلا صدق اللہ
قولہ فی الدنیا والاخرۃ ترجمہ کسی شخص نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ تلوار کے قبضہ کو حلیہ کرنا درست ہی یا
نہین تب امام نے جواب دیا کہ ہان اسلئے کہ ابوبکر صدیق کی تلوار کے قبضہ پر بھی حلیہ چاندی کا تہا راوی کہتا ہی کہ اُسنے
امام سے عرض کیا کہ یا حضرت آپ بھی ابوبکر کو صدیق کہتے ہین یہ سنتے ہی امام اپنی جگہہ سے اوچھل پڑے اور کہنے لگے

کہ ہان وہ صدیق ہے ہان وہ صدیق ہے ہان وہ صدیق ہے جو کوئی اُسکو صدیق نہ کہے خدا اُسکی دنیا و آخرت
مین تصدیق نکرے ۔ قبل لکھنے لطافت عبارت صاحب استقصار کے اس حدیث کی باب مین جو گفتگو باخود ہا
علماء شیعہ مین ہوئی ہے کتاب آیات بینات سے التقاط کرکے لکھتا ہون بعد اسکے صاحب استقصار کی لطافت کو
بیان کرونگا ۔ قاضی نور اللہ شوستری نے احقاق الحق مین اس روایت سے انکار کیا ہے کہ کچھ پتہ و نشان اس روایت
کا کشف الغمہ مین نہین ہے بلکہ ایسی روایت کا کشف الغمہ مین موجود ہونا خلاف قیاس ہے اسلئے کہ اُس کتاب
